100 شرعی مسائل کا مجموعہ
(حصہ-12)
مصنف
ابو البنات
فراز عطاری مدنی
نظرثانی
ابواحمد
مفتی انس رضا قادری مدنی
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

عنوانات

عنوانات	صفحہ نمبر

عقائد

احادیث / روایات

طہارت

نماز

زکوٰۃ

حج / عمرہ

نکاح

طلاق

قسم

وقف

قربانی

خواتین کے مسائل

جائز / ناجائز

وراثت

عقائد

1 اللہ کو اس کی ضرورت تھی کہنا

سوال: جب کوئی انتقال کر جاتا ہے تو بعض کہتے ہیں کہ اللہ کو اس کی ضرورت تھی ایسا کہنا کیسا؟

USER ID: خالد بلال جلالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

یہ جملہ "اللہ پاک کو اس کی ضرورت تھی" کفریہ ہے کیونکہ اس میں اللہ پاک کو محتاج بیان کیا جا رہا ہے جو کہ کفر ہے۔ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ اس طرح کے سوال کے جواب میں لکھتے ہیں: "پڑوسی کا قول کفریہ ہے۔ اسلامی عقیدہ یہ ہے کہ اللہ عزوجل کسی کا بھی محتاج نہیں، وہ بے نیاز ہے۔ چنانچہ فقہائے کرام رحمھم اللہ فرماتے ہیں: "کسی نے مردے کے بارے میں کہا: "اے لوگو! اللہ تعالی تم سے زیادہ اس کا حاجتمند ہے" یہ کہنا کفر ہے۔"

(کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، صفحہ 489)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 ذوالحجہ 1444ھ 08 جولائی 2023ء

2

العلی اللہ پاک کا صفاتی نام ہے

سوال: کیا علی اللہ پاک کا صفاتی نام بھی ہے؟

USER ID: محمد طاہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

العلی اللہ پاک کے مشہور صفاتی ناموں میں سے ایک ہے۔ قرآن پاک کی مشہور آیت آیۃ الکرسی کے آخر میں ہے "وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ" ترجمہ: اور وہی بلند شان والا، عظمت والا ہے۔

(البقرہ:255)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

30 ذوالحجہ 1444ھ 19 جولائی 2023ء

3

کفریہ وساوس آنا

سوال: اگر کسی کو کفریہ وساوس آتے ہوں تو کیا اس سے بندہ کافر ہو جاتا ہے؟

USER ID: راؤ فیضان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی کو کفریہ وساوس آتے ہوں اور وہ اس کو زبان پر لانا برا سمجھتا ہو تو اس سے آدمی کافر نہیں ہوتا بلکہ یہ عین ایمان کی علامت ہے۔ مسلم شریف کی حدیث پاک ہے: "نبی پاک صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی خدمت میں بعض صحابہ کرام علیھم الرضوان نے حاضر ہو کر عرض کی: ہمیں ایسے خیالات آتے ہیں کہ جنہیں بیان کرنا ہم بہت برا سمجھتے ہیں۔ نبی پاک صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: کیا واقعی ایسا ہوتا ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں۔ ارشاد فرمایا: "یہ تو خالص ایمان کی نشانی ہے۔" (مسلم، حدیث 132)

امیر اہلسنت مولانا الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ لکھتے ہیں: "ذہن میں کفریہ خیالات کا آنا اور انہیں بیان کرنے کو برا سمجھنا عین ایمان کی علامت ہے کیونکہ کفریہ وساوس شیطان کی طرف سے ہوتے ہیں اور وہ لعین مردود چاہتا ہے کہ مسلمان سے ایمان کی دولت چھین لے۔" (کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، صفحہ 423)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

04 محرم الحرام 1445ھ 23 جولائی 2023ء

4 نظر میں سبھوں کی خدا کر چلے

سوال: اس شعر کے بارے میں حکم بتا دیں: "پرستش کی یاں تک کہ اے بت تجھے نظر میں سبھوں کی خدا کر چلے؟

USER ID: بسمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مذکورہ شعر کفریہ ہے کہ اس میں غیر خدا یعنی بت کی عبادت کا اقرار کیا جا رہا ہے اور پھر اس کو خدا تسلیم کرنے کا اظہار بھی موجود ہے۔ یہ شعر لکھنے، پڑھنے اور دلچسپی کے ساتھ سننے والے پر توبہ و تجدید ایمان لازم ہے۔ اس طرح کے شعر کے بارے میں امیر اہلسنت لکھتے ہیں: "اس میں اللہ عزوجل کے سوا کسی اور کو خدا بنانے کا عزام ظاہر کیا گیا ہے جو کہ صریح کفر ہے۔" (کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، صفحہ 513)

ایک اور شعر کے بارے میں لکھتے ہیں: "اس شعر میں پتھر کے بت کی پوجا کی تمنا اور نیت کا اظہار ہے جو کہ کھلا کفر ہے۔" (صفحہ 518)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

04 محرم الحرام 1445ھ 23 جولائی 2023ء

احادیث/روایات

5

کھڑے ہو کر کھانا پینا

سوال: کیا کسی حدیث میں کھڑے ہو کر کھانے پینے سے منع کیا گیا ہے؟

USER ID: راشد سیفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حدیث پاک میں کھڑے ہو کر کھانے سے منع کیا گیا ہے، چنانچہ مسلم شریف کی حدیث پاک میں ہے: "عن انس عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انه نهی ان یشرب الرجل قائما قال قتادۃ فقلنا فالاکل فقال ذاك اشر و اخبث" ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر پینے سے منع فرمایا قتادہ رضی اللہ عنہ نے کہا اور کھانا؟ فرمایا وہ تو اور زیادہ برا ہے۔ (مسلم، حدیث 5158)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

06 ذوالحجہ 1444ھ 25 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

6

اللہ جمال کو پسند کرتا ہے

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث ہے کہ اللہ پاک جمیل ہے اور جمال کو پسند کرتا ہے اگر ہے تو کونسی کتاب میں؟

USER ID: انتخاب صدیقی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

معجم اوسط کی حدیث پاک ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: "ان اللہ جمیل یحب الجمال" ترجمہ: بے شک اللہ پاک جمیل ہے اور جمال کو پسند فرماتا ہے۔

(معجم اوسط، حدیث 6906)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

15 ذوالحجہ 1444ھ 4 جولائی 2023ء

7

زم زم چشمے کی صورت میں ہوتا

سوال: کیا ایسی کوئی روایت ہے کہ اگر بی بی ہاجرہ رضی اللہ عنہا زم زم کو چھوڑ دیتیں تو وہ چشمہ بن جاتا؟

USER ID: عزیر ظہیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

بخاری شریف کی طویل روایت میں اس طرح کے الفاظ موجود ہیں، چنانچہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: "یرحم اللہ ام اسماعیل لو ترکت زمزم او قال لو لم تغرف من الماء لکانت زمزم عینا معینا" ترجمہ: اللہ پاک اسماعیل کی والدہ پر رحمت فرمائے اگر وہ زمزم کو چھوڑ دیتیں یا فرمایا کہ زمزم سے چلو نہ بھرا ہوتا تو ضرور زمزم ایک بہتا ہوا چشمہ ہوتا۔

(بخاری، حدیث 2368)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

15 ذوالحجہ 1444ھ 4 جولائی 2023ء

8 عثمان غنی رضی اللہ عنہ پر پانی کا بند ہونا

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ پر 40 دن پانی بند کیا گیا کیا یہ صحیح بات ہے ؟

USER ID: محمد شعبان قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

بعض کتابوں میں یہ مذکور ہے کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے گھر کا محاصرہ چالیس دن رہا اور اس دوران ان پر پانی بند کر دیا گیا لیکن چالیس دن پانی بند ہونے کی صراحت موجود نہیں۔ البدایہ والنہایہ میں ہے: "كانت مدة حصار عثمان رضي الله عنه في داره أربعين يوما على المشهور" ترجمہ: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی نظر بندی کی مدت مشہور قول کے مطابق چالیس دن تھی۔ (البدایۃ والنہایۃ، جلد 7، صفحہ 177)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 ذوالحجہ 1444ھ 11 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

9

برب المشارق والمغارب جمع کیوں

سوال: قرآن کی آیت میں جو برب المشارق والمغارب آیا ہے یہ جمع ہے حالانکہ مشرق و مغرب تو ایک ہیں؟

USER ID: مدثر خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

سورج اگرچہ مشرق سے نکلتا ہے اور مغرب میں ڈوبتا ہے مگر مشرق سے روزانہ ہی نئی جگہ سے طلوع ہوتا ہے اور مغرب میں نئی جگہ پر غروب ہوتا ہے اس لئے یہاں مشرق و مغرب کو جمع فرمایا۔ چنانچہ تفسیر رازی میں ہے: "یعنی مشرق کل یوم من السنۃ و مغربہ او مشرق کل کوکب و مغربہ" ترجمہ: اس آیت میں مشرق و مغرب سے مراد سال کے ہر دن میں طلوع و غروب ہونے کا مقام ہے یا پھر ہر ستارے کے طلوع و غروب کا مقام ہے۔

(تفسیر رازی، تحت الآیہ سورۃ المعارج، ایت 41)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 ذوالحجہ 1444ھ 12 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

10 عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے بغض رکھنے والے کا جنازہ

سوال: کیا ایسی کوئی روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے بغض رکھنے والے کا جنازہ نہیں پڑھا؟

USER ID: صادق نواز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

ترمذی شریف میں یہ روایت موجود ہے، چنانچہ جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: "اتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بجنازۃ رجل لیصلی علیہ فلم یصل علیہ، فقیل: یا رسول اللہ ما رایناک ترکت الصلاۃ علی احد قبل ھذا قال: إنه کان یبغض عثمان فابغضه اللہ" ترجمہ: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نماز جنازہ کے لئے ایک شخص کی میت کو لایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا جنازہ نہ پڑھا عرض کی گئی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم نے اس سے پہلے آپ کو کسی کا جنازہ چھوڑتے ہوئے نہیں دیکھا۔ فرمایا یہ عثمان سے بغض رکھتا تھا اللہ پاک نے اس کو مبغوض کر دیا۔

(ترمذی، حدیث 3709)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 ذوالحجہ 1444ھ 12 جولائی 2023ء

11

ابلیس جن ہے

سوال: ابلیس جب عزازیل تھا تو فرشتہ تھا یا جن؟

USER ID:عبدالسلام قائم خانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

ابلیس ہمیشہ سے جن ہی تھا وہ کبھی فرشتہ نہیں ہوا۔ اللہ پاک قرآن میں فرماتا ہے:"کَانَ مِنَ الْجِنِّ"ترجمہ: کہ (ابلیس) قومِ جن سے تھا۔ (الکھف: آیت50)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23ذوالحجہ1444ھ12جولائی 2023ء

12

اصل الاصول بندگی اس تاجور کی ہے

سوال: اس شعر کا مطلب بتا دیں "ثابت ہوا کہ جملہ فرائض فروع ہیں اصل الاصول بندگی اس تاجور کی ہے"؟

USER ID: محمد ریاض

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

یہ شعر اعلی حضرت امام عشق و محبت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اور اس سے پہلے جو اشعار ہیں ان میں دو روایات کی طرف اشارہ ہے۔ ایک تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے غار ثور میں اپنی جان حضور ﷺ پر قربان کرنے کے لئے پیش کر دی کہ سانپ نے آپ رضی اللہ عنہ کو ڈس لیا اور ایک موقع پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کی خاطر نماز ادا نہ کی یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا۔ تو یہاں یہ ارشاد فرمایا کہ جان بچانا بھی فرض اور نماز کی ادائیگی بھی فرض مگر سب سے اہم ترین فرض حضور ﷺ کی اطاعت و فرمانبرداری ہے کہ دونوں جلیل القدر صحابہ رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کی اطاعت میں دوسرے فرائض کو قربان کر دیا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 ذوالحجہ 1444ھ 17 جولائی 2023ء

13 قاتل و مقتول جہنم میں

سوال: ایک حدیث پاک میں ہے کہ قاتل و مقتول دونوں جھنم میں ہوں اس کی شرح بتادیں؟

USER ID:محمد اسحٰق

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ اس کی شرح میں لکھتے ہیں: "اس فرمان عالی کا ظہور آج پورے طور سے ہو رہا ہے۔ بات بات پر مکھی، مچھر، کھٹمل کی طرح انسان قتل کرائے جارہے ہیں جس کی وجہ یہ ہے کہ قاتلوں کو سزا نہیں ملتی تو مقتول کے وارثین ایک کے عوض دو تین کو مار دیتے ہیں پھر وہ لوگ دو کے عوض تین چار کو، اگر عدالتوں سے سزا پوری پوری ملے تو جرموں کی جڑ کٹ جاوے، رب تعالیٰ فرماتا ہے: "وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ۔" قاتل تو قتل کی وجہ سے دوزخ میں جاوے گا اور مقتول ارادۂ قتل کی وجہ سے کہ وہ بھی اسی ارادہ سے آیا تھا اس کا داؤ نہ چلا یا وار خالی گیا۔ معلوم ہوا کہ گناہ کا پختہ ارادہ بھی گناہ، اللہ تعالیٰ گناہ اور ارادۂ گناہ دونوں سے بچائے۔

(مرآۃ المناجیح، جلد7، صفحہ 236)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

02 محرم الحرام 1445ھ 21 جولائی 2023ء

14 میاں بیوی کا ساتھ نہانا

سوال: ایک شخص کہتا ہے کہ میاں بیوی کا ساتھ نہانا سنت ہے اس کا ایسا کہنا کیسا؟

USER ID: احقر العباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

میاں بیوی کا ساتھ نہانا جائز ہے لیکن اس کو سنت کہنا بے ادبی ہے بلکہ میاں بیوی کو بھی ایک دوسرے کا ستر بلا ضرورت دیکھنا ناپسندیدہ ہے۔ نبی پاک ﷺ اور بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا جب غسل فرماتے تو درمیان میں آڑ ہوتی تھی اور برتن ایک ہوا کرتا تھا، اس سے یہ استدلال کرنا کہ ساتھ نہانا سنت ہے ہرگز درست نہیں۔ بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ: "کنت اغتسل انا والنبی من اناء واحد" ترجمہ: میرا اور رسول اکرم ﷺ کے غسل کا برتن ایک ہی تھا۔" (بخاری، حدیث 299)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی
02 محرم الحرام 1445ھ 21 جولائی 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

15

حضور ﷺ کا دستر خوان

سوال: کیا سرخ دستر خوان پر کھانا کھانا حضور ﷺ سے ثابت ہے ؟

USER ID: افضل حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

سرخ یعنی لال دستر خوان پر کھانا حضور ﷺ سے ثابت ہے۔ شاہ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: " آپ ﷺ کا دستر خوان سرخ ہوا کرتا تھا۔"

(شرح سفر السعادت، صفحہ 426، مکتبہ نوریہ رضویہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 محرم الحرام 1445ھ 24 جولائی 2023ء

16 نبی ﷺ کن باتوں پر بیعت فرماتے

سوال: نبی پاک ﷺ کن باتوں پر بیعت کرواتے تھے؟

USER ID: عمران سندلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نبی پاک ﷺ مختلف باتوں پر بیعت کرواتے تھے جن کا تذکرہ قرآن و حدیث میں موجود ہے مثلاشرک، چوری، زنا، اولاد کے قتل وغیرہ سے بچیں گے۔ اسی طرح صحابہ سے جہاد پر بیعت لی۔ کسی سے دین پر استقامت کی کسی سے توبہ و تقوی کی بیعت لی۔ سورہ ممتحنہ میں ہے: "یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ یُبَایِعْنَكَ عَلٰۤى اَنْ لَّا یُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَیْــٴًـا وَّ لَا یَسْرِقْنَ وَ لَا یَزْنِیْنَ وَ لَا یَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَ لَا یَاْتِیْنَ بِبُهْتَانٍ یَّفْتَرِیْنَهٗ بَیْنَ اَیْدِیْهِنَّ وَ اَرْجُلِهِنَّ وَ لَا یَعْصِیْنَكَ فِیْ مَعْرُوْفٍ فَبَایِعْهُنَّ وَ اسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ-اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ترجمہ: اے نبی! جب مسلمان عورتیں تمہارے حضور اس بات پر بیعت کرنے کیلئے حاضر ہوں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں گی اور نہ چوری کریں گی اور نہ بدکاری کریں گی اور نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی اور نہ وہ بہتان لائیں گی جسے اپنے ہاتھوں اور اپنے پاؤں کے درمیان میں گھڑیں اور کسی نیک بات میں تمہاری نافرمانی نہ کریں گی تو ان سے بیعت لو اور اللہ سے ان کی مغفرت چاہو بیشک اللہ بہت بخشنے والا، بڑا مہربان ہے۔ (ممتحنہ: 12)

مفتی احمد یار خان نعیمی لکھتے ہیں: "حضور انور ﷺ نے کسی کو مسلمان کرتے وقت استقامت علی الدین کی بیعت، توبہ کی تقوی کی، کسی خاص حکم پر عمل کرنے کی بیعت لی۔" (مرآۃ المناجیح، ج3، ص61)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

04 محرم الحرام 1445ھ 23 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

طہارت

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

17

زم زم کے پانی سے نہانا کیسا

سوال: کیا آب زم زم سے نہانا جائز ہے؟

USER ID: اسلام کا شہزادہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

آب زم زم سے غسل کرنا جائز ہے اس میں کوئی حرج نہیں۔ در مختار میں ہے: "یکرہ الاستنجاء بماء زمزم لا الاغتسال" ترجمہ: آب زم زم سے استنجا کرنا مکروہ ہے غسل کرنے میں حرج نہیں۔ (در مختار، صفحہ 175)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

15 ذوالحجہ 1444ھ 4 جولائی 2023ء

18

لائن کے پانی میں بدبو

سوال: لائن کے پانی میں اگر بدبو آرہی ہو تو اس سے وضو کر سکتے ہیں؟

USER ID: بنت اسماعیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

جب تک اس پانی میں نجاست کے پڑنے کا یقین نہ ہو اس وقت تک اس پانی کو فقط بدبو کی وجہ سے ناپاک نہیں کہ سکتے کیونکہ پانی میں بدبو آنے کی اور وجوہات بھی ہو سکتی ہیں لہذا اس سے وضو و غسل کرنا درست ہو گا۔ ہاں اگر نجاست پڑنے کا یقین ہو یا یقینی طور پر پتا ہو کہ سیور تج کا پانی مل گیا ہے تو اب اس سے وضو و غسل کرنا درست نہیں ہو گا۔ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "رنگ یا بُو یا مزہ اگر کسی پاک چیز کے گرنے یا زیادہ دیر ٹھہرنے سے بدلے تو پانی خراب نہیں ہوتا۔ ہاں نجاست کی وجہ سے تغیر آجائے، تو نجس ہو گا اگرچہ کتنا ہی کثیر کیوں نہ ہو۔" (فتاوی رضویہ، جلد 3، صفحہ 250)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

16 ذوالحجہ 1444ھ 05 جولائی 2023ء

19

خشک ناپاک کپڑے پر پسینے والا جسم لگ جائے

سوال: اگر ناپاک کپڑا خشک ہو جائے اور اس پر جسم کا کوئی حصہ لگے جبکہ جسم پر پسینہ ہو تو کیا جسم ناپاک ہو جائے گا؟

USER ID:جاوید کریم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر پسینہ چھوٹ کر ناپاک کپڑے پر لگا اور کپڑے سے تری چھوٹ کر بدن کو پہنچی تو جسم ناپاک ہو گا ورنہ نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "بھیگے ہوئے پاؤں نجس زمین یا بچھونے پر رکھے تو ناپاک نہ ہوں گے، اگرچہ پاؤں کی تری کا اس پر دھبّہ محسوس ہو، ہاں اگر اس زمین یا بچھونے کو اتنی تری پہنچی کہ اس کی تری پاؤں کو لگی تو پاؤں نجس ہو جائیں گے۔" (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 393)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

16 ذوالحجہ 1444ھ 05 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

20 کان میں پیپ جمتا ہو تو وضو

سوال: کان کے اندر اگر پیپ جم جاتا ہو مگر باہر نہ آتا ہو لیکن انگلی یا روئی ڈالنے سے اس پر پیپ لگتا ہو تو وضو کا کیا حکم ہو گا؟

USER ID: محمد سفیان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

پیپ اگر بہہ کر کان کے باہر نہیں آتا اندر ہی رہتا ہے تو وضو نہیں ٹوٹے گا اگرچہ کان میں انگلی یا روئی ڈالنے سے اس پر لگتا ہو۔ بہار شریعت میں ہے: "اور اگر بہا مگر ایسی جگہ بہ کر نہیں آیا جس کا دھونا فرض ہو تو وضو نہیں ٹوٹا۔ مثلاً۔۔۔کان کے اندر دانہ ٹوٹا اور اس کا پانی سوراخ سے باہر نہ نکلا تو ان صورتوں میں وُضو باقی ہے۔" (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 305)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 ذوالحجہ 1444ھ 12 جولائی 2023ء

21

استبرا کا حکم

سوال: استبرا کا کیا حکم ہے کیا یہ ضروری ہے؟

USER ID: محمد عامر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

جس مرد کو پیشاب کے بعد قطرے آنے کا احتمال ہو اس کے لئے استبرا یعنی ایسا عمل کرنا جس سے قطرے نکل جائیں مثلا ٹہلنا، کھنکارنا وغیرہ کرنا واجب ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "پیشاب کے بعد جس کو یہ احتمال ہے کہ کوئی قطرہ باقی رہ گیا یا پھر آئے گا، اس پر اِستِبرا (یعنی پیشاب کرنے کے بعد ایسا کام کرنا کہ اگر قطرہ رُکا ہو تو گِر جائے) واجب ہے، استبرا ٹہلنے سے ہوتا ہے یا زمین پر زور سے پاؤں مارنے یا دہنے پاؤں کو بائیں اور بائیں کو دہنے پر رکھ کر زور کرنے یا بلندی سے نیچے اترنے یا نیچے سے بلندی پر چڑھنے یا کھنکارنے یا بائیں کروٹ پر لیٹنے سے ہوتا ہے اور استبرا اس وقت تک کرے کہ دل کو اطمینان ہو جائے، ٹہلنے کی مقدار بعض علماء نے چالیس قدم رکھی مگر صحیح یہ ہے کہ جتنے میں اطمینان ہو جائے اور یہ استبرا کا حکم مردوں کے لیے ہے، عورت بعد فارغ ہونے کے تھوڑی دیر وقفہ کر کے طہارت کرلے۔" (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 412)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 ذوالحجہ 1444ھ 17 جولائی 2023ء

22 گھوڑے کا جھوٹا

سوال: اگر گھوڑا کسی پانی سے پی لے تو کیا وہ ناپاک ہو جاتا ہے؟

USER ID: صغیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

گھوڑے کا جھوٹا پاک ہے لہذا اگر اس نے کسی پانی سے پی لیا تو اس کو استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ عالمگیری میں ہے: "وسؤر الفرس طاھر بالاجماع فی الاصح" ترجمہ: اصح قول کے مطابق گھوڑے کا جھوٹا بالاجماع پاک ہے۔ (عالمگیری، جلد 1، صفحہ 23)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 محرم الحرام 1445ھ 24 جولائی 2023ء

نماز

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی

23

انفرادی نماز پڑھنے والے پر تکبیر تشریق

سوال: کیا انفرادی نماز پڑھنے والے پر بھی تکبیر تشریق واجب ہے؟

USER ID:مدنی قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

صحیح قول کے مطابق اکیلے نماز پڑھنے والے پر تکبیر تشریق واجب نہیں لیکن کہہ لے تو بہتر ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "منفرد پر تکبیر واجب نہیں۔ مگر منفرد بھی کہہ لے۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 786)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

06 ذوالحجہ 1444ھ 25 جون 2023ء

24

جنازے کی تکبیریں رہ جائیں

سوال: اگر کوئی جنازے میں تاخیر سے آیا اور کچھ تکبیریں رہ جائیں تو کیا کرے؟

USER ID: طارق جاوید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر کسی کی جنازے کی کچھ تکبیریں رہ جائیں تو امام کے سلام پھیرنے کے بعد وہ تکبیریں کہے اور درود و دعا بھی پڑھے لیکن اگر یہ اندیشہ ہو کہ درود و دعا میں مشغول ہو گا تو لوگ میت کو کندھوں پر اٹھا لیں گے تو صرف تکبیریں کہے دعائیں وغیرہ چھوڑ دے۔ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "اگر جنازہ اٹھا لیا جانے کا اندیشہ ہو جلد جلد تکبیریں بلا دعا کہہ کر سلام پھیر دے ورنہ ترتیب وار پڑھے، مثلاً تین تکبیریں فوت ہوئیں تو چوتھی امام کے ساتھ کہہ کر بعد سلام پہلی تکبیر کے ثناء پھر درود پھر دعا پڑھے اور دو فوت ہوئیں تیسری امام کے ساتھ دعا، چوتھی کے بعد سلام، پھر اول کے بعد ثناء دوم کے بعد درود، اور ایک ہی فوت ہوئی تو بعد سلام ایک تکبیر کے بعد ثناء۔"

(فتاوی رضویہ، جلد 9، صفحہ 194)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

15 ذوالحجہ 1444ھ 4 جولائی 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

25

نماز میں سورہ فاتحہ سے پہلے بسم اللہ

سوال: نماز میں سورہ فاتحہ سے پہلے بسم اللہ پڑھنا سنت ہے یا مستحب؟

USER ID:عبد الغنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں سورہ فاتحہ سے پہلے تسمیہ یعنی بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنا امام و منفرد دونوں کے لئے سنت ہے۔ بہار شریعت میں ہے: ”تعوذ صرف پہلی رکعت میں ہے اور تسمیہ ہر رکعت کے اوّل میں مسنون ہے۔“ (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 3، صفحہ 423)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 ذوالحجہ 1444ھ 08 جولائی 2023ء

26 لفظ حریص پر وقف کرنا

سوال: سورہ توبہ کی آیت 128 کے لفظ حریص پر وقف کرنا کیسا؟

USER ID: عبد الحق قادری مصباحی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سورہ توبہ کی آیت 128 کے لفظ حریص پر وقف کرنا جائز نہیں کہ اس سے برا معنی پیدا ہو جاتا ہے لیکن یہاں وقف کرنے سے نماز نہیں ٹوٹے گی۔ مفتی اعظم پاکستان وقار الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "حریص پر رکنا جائز نہیں علیکم پر وقف کرنا چاہیے "حریص علیکم" کے معنی ہیں وہ تمہاری بھلائی کے نہایت چاہنے والے ہیں اور اگر "حریص" پر جب وقف کیا جائے گا تو اس کا معنی یہ ہو گا کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام حریص یعنی لالچی ہیں یہ بات غلط ہے اور شان نبوت کے خلاف ہے۔"

(وقار الفتاوی، جلد2، صفحہ 86)

فتاوی رضویہ میں ہے: "متعدد علماء جس میں صاحبِ ذخیرہ بھی ہے نے اس بات کی تصریح فرمائی کہ ہر حال میں عدمِ فساد پر فتوی ہے کیونکہ وقف، وصل اور ابتداء کی رعایت لازم کرنے سے لوگوں پر خصوصاً عوام پر تنگی لازم آئے گی اور شرعاً تنگی مرفوع ہے۔"

(فتاوی رضویہ، جلد6، صفحہ 249)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 ذوالحجہ 1444ھ 08 جولائی 2023ء

27

مغرب کی اذان اور جماعت میں کتنا وقفہ

سوال: مغرب کی اذان اور نماز میں کتنا وقفہ کرنا چاہیے؟

USER ID:نعیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

قرآن مجید کی تین چھوٹی آیات یا ایک بڑی آیت پڑھنے میں جتنا وقت لگتا ہے اتنی دیر مغرب کی اذان و اقامت کے درمیان کھڑے کھڑے وقفہ کرنا چاہیے اور اتنی دیر کے لیے بیٹھا گیا تو بھی جائز ہے مگر خلاف افضل ہے اور اگر دو رکعت کی مقدار یا اس سے زائد تاخیر کی تو بالاتفاق مکروہ تنزیہی ہے اور اگر بلا عذر شرعی اتنی تاخیر کی کہ ستارے گتھ گئے (یعنی چھوٹے ستارے بھی ظاہر ہو کر گھنے ہو گئے کذا فی الفتاوی الرضویہ) تو مکروہِ تحریمی ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "روز ابر کے سوا مغرب میں ہمیشہ تعجیل مستحب ہے اور دو رکعت سے زائد کی تاخیر مکروہِ تنزیہی اور اگر بغیر عذر سفر و مرض وغیرہ اتنی تاخیر کی کہ ستارے گتھ گئے، تو مکروہِ تحریمی۔" (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 3، صفحہ 453)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 ذوالحجہ 1444ھ 12 جولائی 2023ء

28

سفر میں سنتیں پڑھنی ہیں

سوال: سفر میں سنتیں پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

USER ID: شہزاد اقبال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

قصر صرف چار رکعت والی فرض نماز میں ہوتی ہے باقی وتر اور سنت مؤکدہ پوری ہی پڑھنی ہوتی ہیں۔ حالت امن ہو یعنی ٹرین وغیرہ چھوٹنے کا خوف نہ ہو تو سنتیں پڑھی جائیں گی چھوڑنے کی اجازت نہیں۔ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی، کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کے ساتھ حضر و سفر دونوں میں نمازیں پڑھیں، حضر میں حضور ﷺ کے ساتھ ظہر کی چار رکعتیں پڑھیں اور اس کے بعد دو رکعت (سنت) اور سفر میں ظہر کی دو اور اس کے بعد دو رکعت (سنت) اور عصر کی دو۔ اور اس کے بعد کچھ نہیں اور مغرب کی حضر و سفر میں برابر تین رکعتیں، سفر و حضر کسی کی نمازِ مغرب میں قصر نہ فرماتے اور اس کے بعد دو رکعت (سنت)۔ (ترمذی، حدیث 552)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 ذوالحجہ 1444ھ 12 جولائی 2023ء

29

جمعہ کی سنتوں کے دوران خطبہ شروع ہو جائے

سوال: اگر کوئی جمعہ کے فرض سے پہلے کی سنتیں پڑھ رہا ہو اور خطبہ شروع ہو جائے تو کیا کرے؟

USER ID:احمد رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر خطبے سے پہلے سنتیں پڑھنا شروع کر دیں اور اسی دوران خطبہ شروع ہو جائے تو جلدی جلدی تعدیل ارکان کی رعایت کے ساتھ سنتیں مکمل کرلے اور اگر سنتیں شروع نہیں کیں اور خطبہ شروع ہو گیا تو اب سنتیں شروع کرنا ناجائز ہے اگر کسی نے دوران خطبہ سنتیں شروع کرلیں تو واجب ہے کہ توڑ دے اور غیر مکروہ وقت میں ان کی قضا کرے اور مکمل کرلیں تو گناہ گار ہوا۔ شامی میں ہے: "أن صلاة النفل صحيحة مكروهة حتى يجب قضاؤه إذا قطعه، ويجب قطعه وقضاؤه في غير وقت مكروه في ظاهر الرواية ولو أتمه خرج عن عهدة ما لزمه بالشروع فالمراد الحرمة لا عدم الانعقاد

ترجمہ: (دوران خطبہ) نفل نماز مکروہ ادا ہو گی یہاں تک کہ اگر اسے توڑ دے گا تو قضا لازم ہو گی اور توڑنا اور غیر مکروہ وقت میں قضا کرنا واجب ہے ظاہر الروایہ میں اور اگر اس کو مکمل کیا تو نماز ذمہ سے ساقط ہو جائے گی جو شروع کرنے کے سبب اس پر لازم ہوئی تھی۔

(شامی، جلد 3، صفحہ 38)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 ذوالحجہ 1444ھ 16 جولائی 2023ء

30 فجر و عصر کے بعد قضا پڑھنا

سوال: فجر اور عصر کی نماز کے بعد قضا نماز پڑھنا کیسا؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

فجر و عصر کے بعد مکروہ وقت سے پہلے پہلے قضا عمری پڑھنا جائز ہے۔ درمختار میں ہے: "لا یکرہ قضاء فائتۃ" ترجمہ: فجر و عصر کے بعد قضا پڑھنا جائز ہے۔ (درمختار، صفحہ 54)

بہار شریعت میں ہے: "طلوع و غروب ونصف النہار ان تینوں وقتوں میں کوئی نماز جائز نہیں نہ فرض نہ واجب نہ نفل نہ ادا نہ قضا۔" (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 3، صفحہ 454)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 ذوالحجہ 1444ھ 17 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

31

بھول کر جنابت میں نماز پڑھی

سوال: اگر کسی نے بھول سے حالت جنابت میں نماز پڑھ لی تو کیا حکم ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی نے بھول کر جنابت میں نماز پڑھ لی تو گناہ تو نہ ہوا لیکن احتیاطا توبہ کرلے البتہ وہ نماز نہیں ہوگی اس نماز کو غیر مکروہ وقت میں قضا کرنا فرض ہے اور اگر وہ امام تھا تو مقتدیوں کی بھی نہیں ہوئی اور اس پر کسی بھی ذریعے سے نمازیوں کو اطلاع دینا لازم ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "مصلی کے بدن کا حدث اکبر و اصغر اور نجاست حقیقیہ قدر مانع سے پاک ہونا (نماز کی شرط ہے)، نیز اس کے کپڑے اور اس جگہ کا جس پر نماز پڑھے، نجاست حقیقیہ قدر مانع سے پاک ہونا۔ (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 3، صفحہ 476)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 ذوالحجہ 1444ھ 17 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

32

امام کا مقتدی کے لئے رکوع کو طویل کرنا

سوال: امام اگر کسی مقتدی کے لئے رکوع کو طویل کر دے تو ایسا کرنا کیسا؟

USER ID:شاہد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام اگر اس مقتدی کو جانتا ہے اور اس کی خوشامد کرتے ہوئے رکوع کو طویل کرتا ہے تو ایسا کرنا مکروہ تحریمی ہے کہ یہاں اس کی اعانت مقصود نہیں اور اگر اس کو جانتا نہیں اور ثواب کی نیت سے ایسا کرے تو جائز ہے البتہ اتنا طویل نہ کرے کہ دوسرے نمازیوں کو مشقت ہو۔ در مختار میں ہے: "وکرہ تحریما اطالۃ الرکوع او قراءۃ لادراک الجائی ای ان عرفہ والا فلا باس بہ ولو اراد التقرب الی اللہ تعالی لم یکرہ اتفاقا" ترجمہ: رکوع یا قراءت کو آنے والے کی جان پہچان کی وجہ سے طویل کرنا مکروہ تحریمی ہے ورنہ حرج نہیں اور اگر ثواب کی نیت ہو بالاتفاق مکروہ نہیں۔ (در مختار، صفحہ 68)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 ذوالحجہ 1444ھ 17 جولائی 2023ء

33 مسبوق کے شامل ہونے سے پہلے امام سے واجب ترک ہوا

سوال: جماعت میں آخری رکعت کے قعدے میں شریک ہوئے اور امام صاحب نے سجدہ سہو بھول جانے کی وجہ سے دوبارہ جماعت کروائی تو کیا مسبوق کو بھی دہرانی ہوگی؟

USER ID: محمد جواد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام پر اگر سجدہ سہو واجب تھا اور وہ بھول گیا اور اس وجہ سے جماعت کا اعادہ کیا گیا تو مسبوق اگرچہ آخری رکعت کے قعدے میں شامل ہوا ہو اس پر بھی اعادہ واجب ہے کیونکہ مسبوق کے شامل ہونے سے پہلے امام سے سہو ہوا ہو تو مسبوق پر بھی سجدہ سہو واجب ہوتا ہے۔ بہار شریعت میں ہے: ”مسبوق امام کے ساتھ سجدۂ سہو کرے اگرچہ اس کے شریک ہونے سے پہلے سہو ہوا ہو۔ الخ“ (بہار شریعت، جلد1، حصہ4، صفحہ716)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

30 ذوالحجہ 1444ھ 19 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

34

عورت سمٹ کر سجدہ کرے

سوال: عورت کو سمٹ کر سجدہ کرنے کا حکم ہے اس کا کوئی حوالہ دے دیں؟

USER ID:محمد اعجاز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

بعض احادیث میں صراحت کے ساتھ اور بعض میں اشارہ کر کے عورت کو سمٹ کر سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے، چنانچہ مصنف ابن ابی شیبہ کی روایات میں ہے: "عن الحسن قال المرأة تضطم فی السجود" ترجمہ: امام حسن رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا عورت سجدوں میں سمٹ جائے۔ ایک اور روایت میں ہے: " عن إبراهيم قال إذا سجدت المرأة فلتلزق بطنها بفخذها و لا ترفع عجيزتها و لا تجافی كما يجافی الرجل" ترجمہ: حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا جب عورت سجدہ کرے تو اسے چاہیے کہ اپنے پیٹ کو اپنی ران سے ملا دے اور اپنی سرین نہ اٹھائے اور مردوں کی طرح بازوؤں کو کروٹوں سے جدا نہ کرے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ، جلد 1، صفحہ 303)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 ذوالحجہ 1444ھ 17 جولائی 2023ء

35

جہاں چار وقت نماز ہوتی ہو وہاں جمعہ پڑھنا

سوال: جہاں چار وقت نماز ہوتی ہو وہاں جمعہ کی ادائیگی کا کیا حکم ہے؟

USER ID: میاں مزمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

جمعہ کی ادائیگی کے لئے نہ مسجد ہونا شرط ہے نہ مسجد میں پانچ وقت نماز کا ہونا بلکہ جمعہ کی ادائیگی کی اپنی شرائط ہیں اگر وہ پوری ہیں تو جمعہ پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔ وقار الفتاوی میں ہے: "جمعہ کے صحیح ہونے کے لئے احناف کے نزدیک چھ شرطیں ہیں (1) مصر یا فنائے مصر میں ہونا۔ (2) سلطان اسلام یا اس کا نائب جسے جمعہ قائم کرنے کا حکم دیا گیا ہو۔ اس زمانے میں اس علاقے کے بڑے سنی عالم کے حکم سے جمعہ قائم ہونا۔ (3) وقت ظہر میں ہونا۔ (4) خطبہ وقت نماز میں، نماز سے پہلے ہونا۔ (5) جماعت، یعنی کم از کم تین مقتدیوں کا ہونا۔ (6) اذن عام ہونا یعنی جس جگہ جمعہ پڑھا جائے وہاں جس کا جی چاہے بے روک ٹوک آکر نماز پڑھ سکے۔" (وقار الفتاوی، جلد 2، صفحہ 147)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

30 ذوالحجہ 1444ھ 19 جولائی 2023ء

36

قومہ چھوٹنے پر لقمہ دینا

سوال: امام نے رکوع کیا اور قومہ چھوڑ کر سجدے میں چلے گئے اس پر مقتدی نے لقمہ دیا تو امام صاحب واپس لوٹے اور قومہ کیا اور آخر میں سجدہ سہو تو کیا ایسا کرنا درست تھا؟

USER ID: عقیل رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام جب بھول سے قومہ چھوڑ کر سجدے میں چلا گیا تو واجب کا ترک ہو گیا اور اس پر سجدہ سہو واجب ہو چکا اور جب سجدہ سہو واجب ہو جائے تو چونکہ لقمے سے اس کا ازالہ ممکن نہیں لہذا یہ بے محل لقمہ ہوا لہذا لقمہ دینے والے کی نماز ٹوٹ گئی اور اگر امام نے لقمہ لیا تو امام اور سارے مقتدیوں کی نماز ٹوٹ گئی، اس نماز کو دوبارہ پڑھنا لازم ہے۔ البحر الرائق میں ہے: "لو ترک تعدیل الارکان او القومۃ التی بین الرکوع و السجود ساھیا لزمہ سجود السھو "ترجمہ: اگر نمازی نے بھول کرے تعدیل ارکان یا وہ قومہ جو رکوع اور سجود کے درمیان ہوتا ہے چھوڑ دیا تو اس پر سجدہ سہو واجب ہو گیا۔" (ج1، ص317)

فتاوی رضویہ میں ہے: "ترک واجب و لزوم سجدہ سہو وہ ہو چکا اب اس کے بتانے سے مرتفع نہیں ہو سکتا۔۔۔۔ لہذا مقتضائے نظر فقہی پر اس صورت میں بھی فساد نماز ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد7، صفحہ 264)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

02 محرم الحرام 1445ھ 21 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

37

بغیر جنازہ پڑھے میت کو دفن کردیا

سوال: ہمارا ایک قافلہ اندرون سندھ گیا وہاں لوگ ہمیں قبرستان لے گئے اور بتایا کہ چار سال پہلے اس میت کو بغیر جنازہ پڑھے دفن کر دیا لہذا آپ اب نماز پڑھادیں تو کیا حکم ہے ؟

USER ID: آدم علی قادری عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر میت کو نماز پڑھے بغیر دفن کر دیا جائے تو جب تک جسم کے پھٹنے کا گمان غالب نہ ہو اس وقت تک نماز جنازہ پڑھنے کی اجازت ہے اور اگر جسم پھٹ جانے کا گمان غالب ہو جائے تو اب جنازہ نہیں پڑھا جائے گا۔ معلوم کی گئی صورت میں یقینا جسم پھٹ چکا ہو گا لہذا نماز جنازہ پڑھنے کی اجازت نہیں تھی۔ یہاں یہ بھی یاد رہے کہ نماز جنازہ فرض کفایہ ہے جن لوگوں کو اطلاع ملی اور کسی نے جنازہ نہ پڑھا تو سب گناہ گار ہوئے۔ بہار شریعت میں ہے: " میّت کو بغیر نماز پڑھے دفن کر دیا اور مٹی بھی دے دی گئی تو اب اس کی قبر پر نماز پڑھیں، جب تک پھٹنے کا گمان نہ ہو اور مٹی نہ دی گئی ہو تو نکالیں اور نماز پڑھ کر دفن کریں اور قبر پر نماز پڑھنے میں دنوں کی کوئی تعداد مقرر نہیں کہ کتنے دن تک پڑھی جائے کہ یہ موسم اور زمین اور میّت کے جسم و مرض کے اختلاف سے مختلف ہے، گرمی میں جلد پھٹے گا اور جاڑے میں بدیر تر یا شور زمین میں جلد خشک اور غیر شور میں بدیر فربہ جسم جلد لاغر دیر میں۔" (بہار شریعت، جلد1، حصہ 4، ص840)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

04 محرم الحرام 1445ھ 23جولائی 2023ء

38 بغیر ٹوپی کے نماز

سوال: اگر کسی کو سر میں بار بار خارش ہوتی ہو تو کیا وہ بغیر ٹوپی کے نماز پڑھ سکتا ہے؟

USER ID: محمد حارث

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں سر ڈھانپ کر نماز پڑھنا افضل ہے لیکن اگر کسی کو کوئی عذر ہو جس کی وجہ سے خشوع و خضوع میں کمی آتی ہو اور بغیر ٹوپی کے پڑھنے میں خشوع و خضوع حاصل ہوتا ہو تو اس کے لئے ننگے سر نماز پڑھنا افضل ہے البتہ سستی کی وجہ سے ٹوپی نہ پہننا مکروہ تنزیہی یعنی ناپسندیدہ ہے اور اگر معاذ اللہ نماز کی تحقیر مقصود ہو تو کفر ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "سستی سے ننگے سر نماز پڑھنا یعنی ٹوپی پہننا بوجھ معلوم ہوتا ہو یا گرمی معلوم ہوتی ہو، مکروہ تنزیہی ہے اور اگر تحقیر نماز مقصود ہے، مثلاً نماز کوئی ایسی مہتم بالشان چیز نہیں جس کے لیے ٹوپی، عمامہ پہنا جائے تو یہ کفر ہے اور خشوع خضوع کے لیے سر برہنہ پڑھی، تو مستحب ہے۔" (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 3، صفحہ 631)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

04 محرم الحرام 1445ھ 23 جولائی 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز
آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

39

پہلی رکعت میں سورہ ناس

سوال: اگر کسی نے پہلی رکعت میں سورہ ناس پڑھ لی تو باقی رکعتوں میں کیا پڑھے ؟

USER ID: طاہر بخاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

خلاف ترتیب قرآن پڑھنا ناجائز ہے لہذا اگر کسی نے پہلی رکعت میں سورہ ناس پڑھ لی تو اب وہ بقیہ رکعتوں میں بھی سورہ ناس پڑھے گا۔ بہار شریعت میں ہے: "پہلی رکعت میں پوری قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھی، تو اب دوسری میں بھی یہی پڑھے۔۔ الخ" (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 3، صفحہ 548)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05 محرم الحرام 1445ھ 24 جولائی 2023ء

40

صرف بسم اللہ سے قراءت کا فرض

سوال: کیا صرف بسم اللہ الرحمن الرحیم سے قراءت کا فرض ادا ہو جائے گا؟

USER ID: محمد شاداب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم جو سورتوں کے شروع میں ہے وہ اگرچہ قرآن پاک کی ایک مستقل آیت ہے مگر چونکہ اس میں علماء کا اختلاف ہے لہذا اس سے قراءت کا فرض ادا نہیں ہو گا۔ شامی میں ہے: "ان مذھب الجمھور انھا من القرآن لتواترھا فی محلھا وخالف فی ذلک مالک فکان الاحتیاط حرمتھا علی الجنب نظرا الی مذھب الجمھور و عدم جواز الاقتصار علیھا فی الصلاۃ نظرا الی شبھۃ الخلاف لان فرض القراءۃ ثابت بیقین فلا یسقط بما فیہ شبھۃ" ترجمہ: جمہور کا مذہب یہ ہے کہ تسمیہ قرآن کی آیت ہے اس کے اپنے محل میں متواتر ہونے کی وجہ سے اور امام مالک کا اس میں اختلاف ہے تو جنبی کے لئے حرام قرار دیا جائے گا اس کا چھونا جمہور کے مذہب کی رعایت کرتے ہوئے اور نماز میں اس کے کفایت کرنے میں عدم جواز کا حکم لگایا جائے گا اختلاف ہونے کی وجہ سے اس لئے کہ قراءت کا فرض یقین کے ساتھ ثابت ہوتا ہے اور یہ اس کے ذریعے ساقط نہیں ہو گا جس میں شبہ ہو۔ (شامی، جلد2، صفحہ236)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 محرم الحرام 1445ھ 24 جولائی 2023ء

زکوٰۃ

41 روز مرہ کے استعمالی زیور حاجت اصلیہ نہیں

سوال: عورت جو روزہ مرہ میں سونا چاندی استعمال کرتی ہے وہ حاجت اصلیہ ہے؟

USER ID: مشرف رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سونا چاندی چاہے استعمال میں ہو یا نہ ہو وہ کسی صورت حاجت اصلیہ نہیں بلکہ وہ نصاب میں شمار ہو گا اور شرائط پائی جانے کی صورت میں زکوۃ، قربانی اور فطرہ لازم ہو گا۔فتاوی رضویہ میں ہے:"اگرچہ پہننے کا زیور ہو زیور پہننا کوئی حاجت اصلیہ نہیں۔" (فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ 133)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

16 ذوالحجہ 1444ھ 05 جولائی 2023ء

حج/عمرہ

42 احرام میں ایک دوسرے کا حلق کرنا

سوال: عمرہ کے ارکان مکمل کر لیے ہوں تو کیا ایک دوسرے کا حلق کر سکتے ہیں؟

USER ID: حافظ عبد الحمید مہروی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر حلق کرنے والے اور جس کا حلق کیا جا رہا ہے دونوں عمرہ میں طواف و سعی سے فارغ ہو گئے ہیں تو ایک دوسرے کا حلق یا تقصیر کر سکتے ہیں اس میں شرعا کوئی حرج نہیں۔ لباب المناسک میں ہے: "﴿واذا حلق﴾ ای المحرم ﴿راسہ﴾ ای راس نفسہ ﴿او راس غیرہ﴾ ای ولو کان محرما ﴿عند جواز التحلل﴾ ای الخروج من الاحرام باداء افعال النسک ﴿لم یلزمہ شئی﴾ اولی لم یلزمھما شئی" ترجمہ: جب محرم نے اپنا یا دوسرے محرم کا سر منڈا احرام سے باہر آنے کے وقت افعال نسک (عمرہ یا حج) کو ادا کر لینے کے بعد تو اس پر کوئی کفارہ نہیں تو دونوں یہ کام کریں تو بدرجہ اولی کوئی کفارہ نہیں۔ (لباب المناسک وشرحہ، صفحہ 324)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

07 ذو الحجہ 1444ھ 26 جون 2023ء

43

طواف وداع سے پہلے طائف جانا

سوال: ہم نے ابھی طواف وداع نہیں کیا اور ہم طائف چلے گئے واپسی پر عمرہ کی نیت کی اور عمرہ ادا کر لیا ابھی ہم مکے میں ہیں تو کیا طواف وداع کر سکتے ہیں؟

USER ID:شکیل احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

طواف وداع حج کے واجبات میں سے ہے اور یہ میقات سے باہر جانے سے پہلے کرنا واجب ہے۔ آپ نے چونکہ میقات سے باہر جانے سے پہلے طواف وداع نہیں کیا لہذا دم واجب ہے البتہ اب مکہ مکرمہ میں ہوتے ہوئے طواف وداع کر لیں تو دم ساقط ہو جائے گا اور توبہ بہر حال کرنی ہو گی۔ مفتی علی اصغر صاحب لکھتے ہیں: ”عمرے کا احرام باندھ کر واپس آئے اور مناسک عمرہ سے فارغ ہو کر طواف رخصت بجالائے۔ اس صورت میں دم ساقط ہو جائے گا۔“
(27 واجبات حج، صفحہ 175)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی
15 ذوالحجہ 1444ھ 4 جولائی 2023ء

44

حرام مال سے حج

سوال: اگر کسی نے حرام مال سے حج کیا تو اس کا حج ہو جائے گا؟

USER ID: جان علی محمد حفیظ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

مال حرام کمانا حرام ہے اور اس سے مالی عبادات بجالانا بھی حرام۔ اگر کسی شخص نے حرام مال سے حج کیا تو اس کا فرض ادا ہو جائے گا لیکن نہ وہ قبول ہو گا اور نہ ثواب ملے گا اور وہ اس فعل کے سبب گناہ گار ہو گا۔ اعلی حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "حرام مال کا اس (حج) میں صرف کرنا حرام ہے اور وہ حج قابل قبول نہ ہو گا اگرچہ فرض ساقط ہو جائے گا، حدیث میں ارشاد ہوا جو مال حرام لے کر حج کو جاتا ہے جب وہ لبیک کہتا ہے فرشتہ جواب دیتا ہے: لا لبيك ولا سعديك حتى تردما فی يديك وحجك مردود عليك نہ تیری حاضری قبول نہ تیری خدمت قبول، اور تیرا حج تیرے منہ پر مردود، جب تک تو یہ حرام مال جو تیرے ہاتھ میں ہے واپس نہ دے۔"

(فتاوی رضویہ، جلد 10، صفحہ 716)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

22 ذو الحجہ 1444ھ 11 جولائی 2023ء

45 احرام میں ہنڈواش استعمال کرنا

سوال: حالت احرام میں اگر ہینڈ واش استعمال کیا ہو تو کیا حکم ہو گا؟
USER ID:مخدوم علی صابری قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ہینڈ واش میں خوشبوڈالنے کے بعد اگر اسے آگ کے عمل سے گزارا گیا ہو تو اس کے لگانے سے کوئی کفارہ لازم نہیں ہو گا اور اگر آگ کے عمل سے نہیں گزارا تو اگر خوشبو کے اجزاء زیادہ ہیں اور وہ مکمل عضو کو لگا تو دم لازم ہو گا اور ہتھیلی بھی مکمل عضو ہے اور اگر خوشبو کم ہے اور دوسرا مائع (LIQUID) زیادہ ہو تو ایک بار استعمال کرنے میں صدقہ اور بار بار استعمال کرنے سے دم لازم ہو گا۔
(ملخصا: بہار شریعت، حصہ 6، احرام اور خوشبودار صابن، رفیق الحرمین)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ
ابوالبنات فراز عطاری مدنی
28 ذوالحجہ 1444ھ 17 جولائی 2023ء

46

احرام میں ہاتھ میں خوشبو لگی

سوال: حالت احرام میں عطر کی شیشی اٹھائی اور ہاتھ میں کچھ خوشبو لگ گئی تو کیا حکم ہے؟

USER ID:نعمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حالت احرام میں اگر بہت خوشبو لگی یا کم خوشبو پورے عضو کو لگی تو دم واجب ہے اور ہتھیلی پورا عضو ہے اور اگر کم خوشبو عضو سے کم میں لگی تو صدقہ لازم ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "خوشبو اگر بہت سی لگائی جسے دیکھ کر لوگ بہت بتائیں اگرچہ عضو کے تھوڑے حصہ پر یا کسی بڑے عضو جیسے سر، مونھ، ران، پنڈلی کو پورا سان دیا اگرچہ خوشبو تھوڑی ہے تو ان دونوں صورتوں میں دَم ہے اور اگر تھوڑی سی خوشبو عضو کے تھوڑے سے حصہ میں لگائی تو صدقہ ہے۔"

(بہار شریعت، جلد1، حصہ6، صفحہ 1163)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی
02 محرم الحرام 1445ھ 21 جولائی 2023ء

47 ریاض سے احرام باندھنا

سوال: اگر کسی کی اسلام آباد سے ریاض کی فلائٹ ہو تو کیا وہ ریاض سے احرام باندھ سکتا ہے؟

USER ID: اخلاص احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

ریاض میقات کے باہر ہے لہذا اسلام آباد سے ریاض آنے والا ریاض میں احرام باندھ سکتا ہے۔ مختصر الطحاوی میں ہے: "ولاھل نجد قرن" اہل نجد (ریاض) کے لئے میقات قرن المنازل ہے۔
(مختصر الطحاوی، صفحہ 60)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبـــــــــــــــــــــــــہ
ابوالبنات فراز عطاری مدنی
05 محرم الحرام 1445ھ 24 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

نکاح

48

استاد کی بیوی سے نکاح

سوال: استاد کی بیوی اگر طلاق یافتہ ہو تو ان سے نکاح کرنا کیسا؟

USER ID: عمر فاروق

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

استاد کی بیوی سے نکاح کرنا جائز ہے جبکہ حرمت کی کوئی اور وجہ نہ ہو۔ اللہ پاک فرماتا ہے: "وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ" ترجمہ: اور ان عورتوں کے علاوہ سب تمہیں حلال ہیں۔ (النساء: 24)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

16 ذوالحجہ 1444ھ 05 جولائی 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

49

نانا کی بھتیجی سے نکاح

سوال: کیا نانا کی بھتیجی سے نکاح ہو سکتا ہے؟

USER ID: شاہزیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

نانا کی بھتیجی سے نکاح ہو جائے گا جبکہ حرمت کی کوئی اور وجہ مثلا رضاعت یا مصاہرت نہ ہو۔ ہو۔ اللہ پاک فرماتا ہے: "وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ" ترجمہ: اور ان عورتوں کے علاوہ سب تمہیں حلال ہیں۔ (النساء:24)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 ذوالحجہ 1444ھ 11 جولائی 2023ء

50 گونگے کا نکاح

سوال: اگر کوئی شخص نہ بول سکتا ہو نہ سن سکتا ہو اس کا نکاح کیسے پڑھایا جائے؟

USER ID: رضا محمد کھوسو

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو شخص نہ بول سکتا ہو نہ سن سکتا ہو اس کا نکاح اشارے سے کروایا جائے گا جبکہ اس کا اشارہ سمجھ میں آتا ہو۔ عالمگیری میں ہے: "وکما ینعقد بالعبارۃ ینعقد بالاشارۃ من الاخرس ان کانت اشارۃ معلومۃ" ترجمہ: اور جس طرح نکاح بول کر ہوتا ہے تو گونگے کا نکاح اشارے سے بھی ہو جاتا ہے جبکہ اس کا اشارہ سمجھ آتا ہو۔

(عالمگیری، جلد 1، صفحہ 270)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

22 ذوالحجہ 1444ھ 11 جولائی 2023ء

51

عورت اگر مرتدہ ہو جائے تو نکاح

سوال: عورت اگر معاذ اللہ مرتد ہو جائے تو کیا مسلمان شوہر سے اس کا نکاح باقی رہے گا اور کیا وہ آگے نکاح کر سکتی ہے؟

USER ID: احسان اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

عورت اگر معاذ اللہ مرتد ہو جائے تو اس کا نکاح فسخ نہیں ہو گا البتہ عورت جب تک تجدید ایمان و تجدید نکاح نہ کر لے اس سے صحبت جائز نہیں ہو گی۔ جب وہ عورت پہلے شوہر کے نکاح میں ہے اور شوہر نے طلاق بھی نہیں دی تو وہ اسی کی بیوی ہے اور اس کا آگے نکاح کرنا بھی درست نہیں۔ اعلی حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "اگر عورت معاذ اللہ اُن میں کی ہو گئی اور مرد سنی رہا تو نکاح تو فسخ نہ ہوا۔ علی ما فی النوادر وحققنا الافتاء بہ فی ھذا الزمان فی فتاونا (نوادر کی روایت کے مطابق اور ہم نے اپنے فتاوی میں اس کی تحقیق کی ہے کہ اس زمانہ میں فتوٰی یہی ہے۔) مگر مرد کو اس سے قربت حرام ہو گئی جب تک اسلام نہ لائے۔ لان المرتد لیست باھل ان یطأھا مسلم او کافر او احد، (کیونکہ مرتد عورت اس قابل نہیں رہی کہ کوئی بھی اس سے وطی کرے خواہ مسلمان مرد ہو یا کافر یا کوئی بھی ہو۔)" (فتاوی رضویہ، جلد 11 صفحہ 244)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی
23 ذوالحجہ 1444ھ 12 جولائی 2023ء

52

عورت پر نظر پڑنے سے حرمت

سوال: زید کی ایک عورت پر نظر پڑی اور بری خواہش پیدا ہونے سے مذی کے قطرے خارج ہوئے اب اس عورت کی بیٹی سے زید کا نکاح ہو سکتا ہے یا نہیں؟

USER ID:منہاس رشید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مشتہاۃ عورت کی طرف نظر کرنے سے حرمت مصاہرت اس وقت ثابت ہوتی ہے جب عورت کی فرج داخل کی طرف شہوت سے نظر پڑی ہو، اگر فرج داخل کی طرف نظر نہیں پڑی یا پڑی مگر شہوت نہ ہوئی یا نظر کے وقت انزال ہو گیا تو حرمت ثابت نہیں ہو گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "وروہ عورت جس کی فرج داخل پر شہوت سے نظر پڑی ہو توان عورتوں کے اصول وفروع اس مرد پر مطلقا حرام ہو جاتے ہیں بشرطیکہ اس وقت اس کو انزال نہ ہوا ہو اور نظر یا مس کے وقت انزال ہو جائے تو حرمت ثابت نہ ہو گی اس میں فرق نہیں خواہ قصدا ہو یا بھول کر یا خطاء یا جبراً ہو۔"

(فتاوی رضویہ، جلد 11، صفحہ 373)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 ذوالحجہ 1444ھ 16 جولائی 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی

53

مہر فاطمی

سوال: اگر کسی کو مہر فاطمی رکھنا ہو تو کتنا رکھنا ہو گا؟

USER ID: محمد عمرزئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

مہر فاطمی یعنی بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کا مہر 400 مثقال تھا جو 150 تولہ چاندی بنتا ہے، لہذا اگر کسی کو مہر فاطمی رکھنا ہو تو وہ 150 تولہ چاندی یا اس کی قیمت بطور مہر رکھ لے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: ”اور حضرت بتول زہرا رضی اللہ عنہا کا مہر اقدس چار سو مثقال چاندی۔“

(فتاوی رضویہ، جلد 12، صفحہ 136)

مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: ”چار سو مثقال چاندی مہر تھا وزن جس کا ڈیڑھ سو تولہ ہوا۔“ (اسلامی زندگی، صفحہ 59)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05 محرم الحرام 1445ھ 24 جولائی 2023ء

54

بارات کی رسم

سوال: بارات کی رسم کا شرعا کیا حکم ہے میں نے سنا ہے کہ یہ غیر مسلموں کا طریقہ ہے لہذا اس کی اجازت نہیں؟

USER ID: تابش

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

فی زمانہ شادی کی رسومات میں کئی خلاف شرع کام ہوتے ہیں لہذا ان غیر شرعی حرکات سے بچنا لازم ہے۔ اگر بارات کی رسم میں کوئی خلاف شرع کام نہ ہو مثلا میوزک نہ ہو، مردوں عورتوں کا اختلاط نہ ہو، بطور تفاخر ہوائی فائرنگ نہ کی جائے، آتش بازی نہ ہو، روڈ وغیرہ بند نہ کریں، رستہ روک کر پیسے کا مطالبہ نہ ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ مفتی انس صاحب لکھتے ہیں: "رسم و رواج کے جائز وناجائز ہونے کا اصول یہ ہے کہ جو رسم ورواج قرآن و سنت کی تعلیمات کے خلاف ہیں وہ ناجائز ہیں اور جو اسکے خلاف نہیں وہ جائز ہیں اور جس کی اصل شرع سے ثابت ہے وہ مستحب ہیں۔"

(رسم ورواج کی شرعی حیثیت، صفحہ 34)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی
05 محرم الحرام 1445ھ 24 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

طلاق

55

طلاق پیپر پر سائن

سوال: آج سے دس سال پہلے میر اپنے شوہر سے جھگڑا ہوا میں نے غصے میں طلاق نامہ بنوایا اور شوہر پر دباؤ ڈالا کہ سائن کریں انہوں نے کافی دن تک سائن نہیں کیے مگر اس ڈر سے کہ کہیں کورٹ نہ چلی جاؤں اور نوٹس گھر نہ پہنچ جائے انہوں نے سائن کر دیا مگر انہوں سے زبان سے کچھ نہیں کہا کیا طلاق ہو گئی؟

USER ID: فیضان رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

معلوم کی گئی صورت میں طلاق واقع ہو گئی ہے کیونکہ شوہر نے اکراہ شرعی کے بغیر اپنی رضامندی سے اس پر سائن کیے لہذا یہ تحریری طور پر طلاق دینے کے قائم مقام ہے اور جس طرح زبان سے کہنے سے طلاق واقع ہو جاتی ہے تحریری طلاق دینے یا اس پر سائن کرنے سے بھی ہو جاتی ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: ”زبان سے کہنا کچھ ضرور نہیں تحریر کافی ہے جبکہ بلاوجہ واکراہ شرعی ہو۔ اشباہ میں ہے: الکتاب کالخطاب تحریر خطاب کی طرح ہے۔“ (فتاوی رضویہ، جلد12، صفحہ416)

مفتی جلال الدین امجدی لکھتے ہیں: ”اگر زید نے ہونش و حواس کی درستی میں طلاق نامہ پر انگوٹھا لگا دیا تو اس کی بیوی پر طلاق واقع ہو گئی کہ وقوع طلاق کے لئے زبان سے کہنا ضروری نہیں بلکہ تحریر سے بھی طلاق واقع ہو جاتی ہے۔“ (فتاوی فیض الرسول، ج2، ص167)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

03 ذوالحجہ 1444ھ 22 جون 2023ء

قسم

56

بلا اختیار قسم کھالی

سوال: اگر کسی نے بلا اختیار قسم کھالی تو کیا ہو جائے گی؟

USER ID: طارق ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قسم چاہے جان کر کھائی ہو یا بلا اختیار زبان سے نکل گئی ہو بہر صورت قسم منعقد ہو جائے گی اور اگر اس کا خلاف کیا تو کفارہ بھی لازم ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: "غلطی سے قسم کھا بیٹھا مثلا کہنا چاہتا تھا کہ پانی لاؤ یا پانی پیوں گا اور زبان سے نکل گیا کہ خدا کی قسم پانی نہیں پیوں گا یا یہ قسم کھانا نہ چاہتا تھا دوسرے نے قسم کھانے پر مجبور کیا تو وہی حکم ہے جو قصدا اور بلا مجبور کیے قسم کھانے کا ہے یعنی توڑے گا تو کفارہ دینا ہو گا قسم توڑنا اختیار سے ہو یا دوسرے کے مجبور کرنے سے قصدا ہو یا بھول چوک سے ہر صورت میں کفارہ ہے۔۔۔الخ" (بہار شریعت، جلد2، صفحہ 300)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

07 ذوالحجہ 1444ھ 26 جون 2023ء

57

امام کو چندے میں سے ذاتی خرچ کے لئے دینا

سوال: مسجد انتظامیہ امام کو تنخواہ کے علاوہ عمومی چندے میں سے ذاتی ضرورت کے لئے رقم دے سکتی ہے؟

USER ID:حیدر رضا نقشبندی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسجد کا چندہ عرف کے مطابق خرچ کرنا ضروری ہے اور امام کو چندے میں سے تنخواہ کے علاوہ ذاتی ضرورت کے لئے دینے کا عرف نہیں لہذا مسجد انتظامیہ ایسا نہیں کر سکتی البتہ ایک ماہ کی ایڈوانس تنخواہ دینا چاہے تو جائز ہے۔ مفتی قاسم صاحب لکھتے ہیں: "چندہ کو عرف کے مطابق خرچ کرنے کا حکم ہے۔" (وقف کے مسائل، صفحہ 229)

اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "روا نہیں مگر جہاں اجازت واقف یا تعامل قدیم ہو۔" (فتاوی رضویہ، جلد 16، صفحہ 571)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

30 ذوالحجہ 1444ھ 19 جولائی 2023ء

58

قبرستان میں درخت لگانا

سوال: قبرستان میں درخت لگانا کیسا ہے؟

USER ID:محمد شاہ نواز

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کوئی شرعی مصلحت ہو مثلا زائرین کو سایہ پہنچانا یا اس کے پھل کی آمدنی سے قبرستان کو نفع ہونا وغیرہ تو قبرستان میں درخت لگانا جائز ہے ورنہ نہیں۔ فتاوی تاج الشریعہ میں ہے: "جائز ہے جبکہ اس میں کوئی مصلحت جائزہ شرعیہ ہو، ورنہ نہیں۔"

(فتاوی تاج الشریعہ، جلد4، صفحہ392)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

02 محرم الحرام 1445ھ 21 جولائی 2023ء

59

نمازیوں کا مسجد میں موبائل چارج کرنا

سوال: کیاامام کی اجازت سے نمازی مسجد میں موبائل چارج کر سکتا ہے؟

USER ID:اویس مغل

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

مسجد کی بجلی کا عرف سے ہٹ کر استعمال جائز نہیں اور نمازیوں کا مسجد کی بجلی سے موبائل چارج کرنے کا عرف نہیں لہذا اس کی اجازت نہیں۔ دار الافتاء اہلسنت کی طرف سے مدنی قافلوں کے مسافرین کے لئے شرعی رہنمائی پر مشتمل سوال جواب میں ایک مسئلہ یہ بھی بیان ہوا: "عام مساجد جہاں قافلوں کی آمد و رفت نہیں رہتی وہاں موبائل فون چارج کرنے کی شرعا اجازت نہیں۔"
(مدنی قافلے والوں کے لئے انمول تحفہ، صفحہ 12)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی
05 محرم الحرام 1445ھ 24 جولائی 2023ء

60 مسجد کی بیٹری کا ذاتی استعمال

سوال: اذان کے لئے مسجد میں بیٹری رکھی ہے چارجنگ کے لئے گھر لاتے ہیں کیا گھر میں اس کا ذاتی استعمال کر سکتے ہیں؟

USER ID:عامر شہزاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسجد کی کسی بھی چیز کا ذاتی استعمال کرنا شرعاً ناجائز و گناہ ہے۔ عالمگیری میں ہے: "متولی المسجد لیس له أن یحمل سراج المسجد إلی بیته "ترجمہ: مسجد کے متولی کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ مسجد کا چراغ گھر میں لے جائے۔ (عالمگیری، جلد2، صفحہ 462)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

30 ذوالحجہ 1444ھ 19 جولائی 2023ء

قربانی

61

پلاٹ کی وجہ سے قربانی

سوال: اگر کسی کے پاس کوئی پلاٹ ہو جس کی قیمت نصاب تک پہنچتی ہو تو اس پر قربانی واجب ہو گی؟

USER ID: زین ندیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر وہ پلاٹ اس کی حاجت اصلیہ سے زائد ہے مثلاً کسی اور مکان میں رہتا ہے اور یہ پلاٹ ویسے ہی رکھا ہے یا کرائے پر دیے ہیں یا اولاد وغیرہ کو دینے کی نیت ہے یا بیچنے کی نیت سے لیا ہے تو قربانی واجب ہو گی جبکہ اور شرائط پائی جائیں۔ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ اس طرح کے سوال کے جواب میں لکھتے ہیں: "واجب ہے، جب کہ وہ مکان تنہا یا اس کے اور مال سے حاجت اصلیہ سے زائد ہو، مل کر چھپّن روپے (یعنی اتنی مالیت کہ جو ساڑھے باون تولے چاندی کے برابر ہو) کی قیمت کو پہنچے، اگرچہ ان مکانوں کو کرائے پر چلاتا ہو یا خالی پڑے ہوں یا سادی زمین ہو بلکہ (اگر) مکانِ سکونت اتنا بڑا ہے کہ اس کا ایک حصہ اس (شخص) کے جاڑے (سردی اور) گرمی کی سکونت (رہائش) کے لئے کافی ہو اور دوسرا حصہ حاجت سے زیادہ ہو اور اس (دوسرے حصّے) کی قیمت تنہا یا اِسی قسم کے (حاجت اصلیہ) سے زائد مال سے مل کر نصاب تک پہنچے، جب بھی قربانی واجب ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد20، صفحہ 361)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

06ذوالحجہ1444ھ 25جون 2023ء

62

سابقہ سالوں کی قربانی میں قیمت کون سی

سوال: زید سفر حج پر تھا اس نے حج کی قربانی تو کی مگر لاعلمی کی وجہ سے عید الاضحی کی قربانی نہ کی تو اب وہ بکری کی قیمت صدقہ کرنا چاہتا ہے تو کس وقت کی قیمت کا اعتبار ہو گا؟

USER ID:اصلاحی آواز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زید کی جو سابقہ سال کی قربانی رہ گئی تو اس پر واجب ہے کہ توبہ کرے اور ایسی متوسط بکری کی قیمت صدقہ کرے جس کی قربانی جائز ہوتی ہے، قیمت اسی سال کی معتبر ہے جس سال واجب ہونے کے باوجود قربانی نہیں کی۔ فتاوی امجدیہ میں ہے: "عموماً یہ دیکھا جاتا ہے کہ عید الاضحی کے چند روز قبل سے جانوروں کی قیمتیں خریداروں کی کثرت کی وجہ سے زیادہ ہو جایا کرتی ہیں اور ایام نحر گزرنے کے بعد قیمتیں کم ہو جاتی ہیں پس صورت مسئولہ میں کرنا تو یہ چاہیے تھا کہ زندہ جانور کو صدقہ کر دیتا اگر وہ فقیر ہے یا اس نے اس معین جانور کی قربانی اپنے ذمہ واجب کی ہے مگر اس کو اگر فروخت کر ڈالا ہے تو اتنے داموں میں فروخت کیا کہ اس وقت بازار کا یہی نرخ تھا نرخ بازار سے کم میں نہیں فروخت کیا ہے تو انھیں داموں کا صدقہ کر دینا کافی ہے اور اگر اس روز جو نرخ تھا اس سے کم پر بیچا ہے تو جتنی کمی ہے اسے بھی صدقہ کر دے۔" (فتاوی امجدیہ، جلد3، صفحہ 333)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

06ذوالحجہ1444ھ25جون 2023ء

63

تول کر جانور خریدنا

سوال: تول کر جانور خریدنا کیسا؟

USER ID: ریاض احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

تول کر جانور خریدنا بیچنا جائز ہے کیونکہ شرعا اس کی کوئی ممانعت وارد نہیں اور تول کر خرید و فروخت کرنا رائج بھی ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "گیہوں، جو، کھجور اور نمک جن کا کیلی ہونا منصوص ہے اگر ان کے متعلق لوگوں کی عادت یوں ہی جاری ہو کہ ان کو وزن سے خرید و فروخت کرتے ہوں جیسا کہ یہاں ہندوستان میں وزن ہی سے یہ سب چیزیں بکتی ہیں اور بیع سلم میں وزن سے ان کا تعین کیا مثلاً اتنے روپے کے اتنے من گیہوں یہ سلم جائز ہے اس میں حرج نہیں۔"

(بہار شریعت، جلد2، صفحہ 164)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

06 ذوالحجہ 1444ھ 25 جون 2023ء

64

قربانی کے لئے عقیقہ ہونا

سوال: جس کا عقیقہ نہ ہوا ہو وہ قربانی کر سکتا ہے؟

USER ID: عاقب چوہدری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی کا عقیقے سے کوئی تعلق نہیں۔ عقیقہ مستحب ہے جبکہ قربانی صاحب استطاعت پر اپنی شرائط کے ساتھ واجب ہے، لہذا جس پر قربانی واجب ہے اگرچہ اس کا عقیقہ نہ ہوا ہو اس کو قربانی کرنی ہوگی نہ کی تو گناہ گار ہوگا۔ بدائع الصنائع میں ہے: "فلا بد من اعتبار الغنی وھو أن یکون فی ملکه مائتا درھم أو عشرون دینارا أو شیء تبلغ قیمته ذلك سوی مسکنه وما یتأثث به وکسوته وخادمه وفرسه وسلاحه وما لا یستغنی عنه وھو نصاب صدقة الفطر" ترجمہ: (قربانی میں) مالداری کا اعتبار ہونا ضروری ہے اور وہ یہ ہے کہ اس کی ملکیت میں دوسو درہم یعنی ساڑھے باون تولہ چاندی یا بیس دینار یعنی ساڑھے سات تولہ سونا ہو یا رہائش، خانہ داری کے سامان، کپڑے، خادم، گھوڑا، ہتھیار اور وہ اشیاء جن کے بغیر گزارہ نہ ہو، کے علاوہ کوئی ایسی چیز ہو، جو ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کو پہنچتی ہو اور یہ ہی صدقہ فطر کا نصاب ہے۔
(بدائع الصنائع، جلد4، صفحہ196)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08ذوالحجہ1444ھ 27جون 2023ء

65 عشرہ ذوالحجہ میں ناخن کاٹ لئے تو

سوال: جس پر قربانی واجب ہے اگر اس نے عشرہ ذوالحجہ میں ناخن وغیرہ کاٹ لئے تو کیا قربانی نہیں ہو گی؟

USER ID: محمد نعمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

جس کا قربانی کا ارادہ ہو اس کے لئے مستحب یہ ہے کہ ذوالحجہ کا چاند نظر آنے سے قربانی تک ناخن، موئے زیر ناف و بغل نہ کاٹے، لیکن یہ حکم استحبابی ہے یعنی اس پر عمل کرے تو ثواب نہ کرے تو گناہ نہیں، لہذا اگر کسی نے ناخن وغیرہ کاٹ بھی لئے تو اس کی قربانی پر فرق نہیں پڑے گا۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "یہ حکم صرف استحبابی ہے، کرے تو بہتر ہے، نہ کرے تو مضائقہ نہیں، نہ اس کو حکم عدولی کہہ سکتے ہیں، نہ قربانی میں نقص آنے کی کوئی وجہ۔۔۔الخ"

(فتاوی رضویہ، جلد 20، صفحہ 353)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 ذوالحجہ 1444ھ 27 جون 2023ء

66

بکری کے کان پر کٹ

سوال: اگر بکری کے کان پر کٹ لگ گیا جس سے کان پر تھوڑا چیرا آگیا تو قربانی کا کیا حکم ہے؟

USER ID: راشد علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جانور کے کان پر اگر کٹ لگ گیا جس کی وجہ سے معمولی چیرا آگیا تو اس سے قربانی پر اثر نہیں پڑے گا۔ فتاوی اہلسنت میں ہے: "ایسا جانور جس کا کان چرا ہوا ہو، لیکن بدن سے اترا ہوا نہ ہو اس کی قربانی کرنا جائز تو ہے البتہ مستحب یہ ہے کہ ایسے جانور کی قربانی نہ کی جائے بلکہ ایسے جانور کی قربانی کی جائے جو ہر طرح کے عیب سے پاک ہو۔" (فتاوی اہلسنت، احکام قربانی، صفحہ 79)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی
08 ذوالحجہ 1444ھ 27 جون 2023ء

67

بکرے کے کان میں زخم

سوال: ہم نے ایک بکرا خرید ااس کے کان میں زخم ہو گیاڈاکٹر کو دکھایااس نے کہا کہ انفیکشن ہے اب وہ زخم خشک ہو چکا ہے اس کی قربانی کا کیا حکم ہے؟

USER ID:اکرام مدنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

معلوم کی گئی صورت میں اس بکرے کی قربانی جائز ہے کہ اس زخم نے جانور کی منفعت یا حسن و جمال کو مکمل طور پر نقصان نہیں پہنچایااور ویسے بھی اب وہ خشک ہو چکا ہے لہذا یہ عیب قربانی سے مانع نہیں۔ ہے۔ عالمگیری میں ہے:"کل عیب یزیل المنفعة علی الکمال او الجمال علی الکمال یمنع الاضحیة وما لا یکون بهذه الصفة لا یمنع" ترجمہ: ہر وہ عیب جو منفعت یا خوبصورتی کو مکمل طور پر زائل کردے اس کی قربانی نہیں ہو سکتی اور جس جانور میں ایسا عیب نہ ہو تو قربانی ہو جائے گی۔

(عالمگیری، جلد 5، صفحہ 299)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 ذوالحجہ 1444ھ 27 جون 2023ء

68 گھر میں ایک فرد نماز عید ادا کرلے تو قربانی

سوال: اگر گھر کا ایک بڑا جانور ہو اور ایک فرد نماز عید ادا کرلے اور وہ جانور قربان کروادے جبکہ دوسروں کی اجازت بھی تو ایسا کرنا کیسا؟

USER ID: عبدالرحمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شہر میں کم از کم ایک مقام پر نماز عید ہو جائے تو قربانی کرنا جائز ہے، اگر جانور کے شریکوں میں سے کسی ایک نے نماز عید ادا کرلی اور سب کی اجازت سے جانور قربان کروادیا تو اس میں کوئی قباحت نہیں اگرچہ باقی افراد بعد میں نماز عید ادا کریں قربانی درست ہو جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: "اگر دو جانوروں میں دو شخص برابر کے شریک ہیں ہر ایک نے ایک ایک کی قربانی کردی دونوں کی قربانیاں ہو جائیں گی۔" (بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 349)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی

08 ذوالحجہ 1444ھ 27 جون 2023ء

69

اپنی قربانی کے گوشت سے کھانے کی ابتدا کرنا

سوال: عید الاضحی میں بھوکا رہنا اور اپنی قربانی کے گوشت سے کھانے کی ابتدا کرنا کیسا اور اس عمل کو روزہ کہنا کیسا؟

USER ID: محمد حمزہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بڑی عید کے دن مستحب یہ ہے کہ نماز عید سے پہلے کچھ نہ کھایا جائے بلکہ نماز عید کے بعد کھایا جائے چاہے قربانی کرے یا نہ کرے لیکن جو قربانی کرے وہ اپنی قربانی کے گوشت سے کھائے تو بہتر ہے اور اس عمل کو روزہ نہ کہا جائے کیونکہ عید الاضحی سے تیرہ ذوالحجہ تک روزہ رکھنا حرام ہے۔ فتاوی عالمگیری میں ہے: ”انه یترك الاكل حتی یصلی العید ۔۔۔ و یستحب ان یكون اول تناولهم من لحوم الاضاحی التی هی ضیافة الله“ ترجمہ: عید کی نماز سے پہلے کچھ نہ کھائے۔۔ مستحب ہے کہ لوگوں کا پہلا کھانا (عید الاضحی کے دن) اس قربانی سے ہو جو اللہ کی طرف سے مہمانی ہے۔

(عالمگیری، جلد1، صفحہ 165)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 ذوالحجہ 1444ھ 27 جون 2023ء

70

تیرہ مہینے کا بکرا

سوال: بکرا تیرہ مہینے کا ہو چکا ہے مگر اس کے دانت نہیں آئے تو کیا قربانی ہو جائے گی؟

USER ID:محمد اشراق قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

قربانی درست ہونے کے لئے عمر کا اعتبار ہے دانت کا نہیں لہذا بکرا ایک سال کا ہو چکا ہے تو اس کی قربانی درست ہے اگرچہ دانت نہ نکلے ہوں جبکہ قربانی سے مانع کوئی اور عیب نہ ہو۔ فتاوی فیض الرسول میں ہے: "قربانی کے لئے بکرے کی عمر پورے ایک سال کی ہونا ضروری ہے، اگر ایک دن بھی کم ہو گا تو اس کی قربانی شرعا جائز نہ ہو گی۔"

(فتاوی فیض الرسول، جلد2، صفحہ 459)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 ذوالحجہ 1444ھ 27 جون 2023ء

71 جانور خریدنے کے بعد کسی کا حصہ شامل کرنا

سوال: بیل خریدتے وقت چھ حصے تھے بعد میں ایک شخص کو شامل کیا ایسا کرنا کیسا؟

USER ID: سہیل شریف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس پر شرعا قربانی واجب نہیں اگر اس نے قربانی کی نیت سے جانور خریدا تو کسی اور کو اس میں شریک نہیں کر سکتا۔ اور جس پر قربانی واجب ہے تو بہتر یہ ہے کہ جانور خریدنے سے پہلے ہی دوسروں کو شریک کرنے کی نیت کر لے اگر جانور خریدنے کے بعد دوسروں کو شریک کیا تو ایسا کرنا مکروہ ہے مگر قربانی ہو جائے۔ بہار شریعت میں ہے: ”قربانی کے لیے گائے خریدی پھر اس میں چھ شخصوں کو شریک کر لیا سب کی قربانیاں ہو جائیں گی مگر ایسا کرنا مکروہ ہے ہاں اگر خریدنے ہی کے وقت اوس کا یہ ارادہ تھا کہ اس میں دوسروں کو شریک کروں گا تو مکروہ نہیں اور اگر خریدنے سے پہلے ہی شرکت کر لی جائے تو یہ سب سے بہتر اور اگر غیر مالک نصاب نے قربانی کے لیے گائے خریدی تو خریدنے سے ہی اوس پر اس گائے کی قربانی واجب ہو گئی اب وہ دوسرے کو شریک نہیں کر سکتا“۔ (بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 351، مکتبۃ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

07 ذوالحجہ 1444ھ 26 جون 2023ء

72

اجتماعی قربانی میں گوشت کی تقسیم اندازے سے

سوال: کیا اجتماعی قربانی میں گوشت کی تقسیم اندازے سے کر سکتے ہیں؟

USER ID: عبداللہ عمر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اجتماعی قربانی میں گوشت کو برابر برابر وزن کر کے تقسیم کرنا ضروری ہے صرف اندازے سے تقسیم کرنا جائز نہیں، ہاں اگر سب ایک ہی گھر میں رہتے ہیں اور مل کر ہی وہ گوشت کھائیں گے تو اب برابر تقسیم کرنا ضروری نہیں۔ اگر وزن کی مشقت سے بچنا چاہتے ہیں تو یہ ہو سکتا ہے کہ گوشت کے علاوہ کسی اور جنس مثلاً کلیجی، مغز وغیرہ شامل کر لیا جائے تو اب وزن کرنا ضروری نہیں۔ در مختار میں ہے: "ویقسم اللحم وزنا لا جزافا إلا إذا ضم معه من الاكارع أو الجلد صرفا للجنس لخلاف جنسه" ترجمہ: اور گوشت کو وزن کر کے تقسیم کیا جائے نہ کہ اندازے سے ہاں اگر اس گوشت کے ساتھ کلیجی یا کھال وغیرہ ملا دی جائے (تو حرج نہیں) ایک جنس کو دوسری جنس کی طرف پھیر دینے کی وجہ سے۔ (در مختار، صفحہ 646)

امیر اہلسنت لکھتے ہیں: "ہاں اگر سب ایک ہی گھر میں رہتے ہیں کہ مل کر ہی بانٹیں گے اور کھائیں گے یا شُرَکاء اپنا اپنا حصّہ لینا نہیں چاہتے، ایسی صورت میں وَزْن کرنے کی حاجت نہیں۔"

(ابلق گھوڑے سوار، صفحہ 22)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فرازعطاری مدنی

08 ذوالحجہ 1444ھ 27 جون 2023ء

73

جانور میں زندگی باقی ہو تو حلال کرنا

سوال: حلال جانور اگر گاڑی کے سامنے آجائے تو اس کو ذبح کر کے کھا سکتے ہیں؟

USER ID: کریم بخش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حلال جانور اگر گاڑی کے نیچے آجائے اور اس میں زندگی کے آثار باقی ہوں اور مر جانے کا اندیشہ ہو تو اسے ذبح کر سکتے ہیں۔ پھر اگر اس کا مالک معلوم ہے تو اس کی اجازت سے کھا سکتے ہیں اور اگر معلوم نہ ہو اور گوشت خراب ہو جانے کا اندیشہ ہو تو شرعی فقیر کو صدقہ کرنا ہوگا کیونکہ یہ لقطہ کے حکم میں ہے۔ بہار شریعت میں ہے: ”بکری ذبح کی اور خون نکلا مگر اوس میں حرکت پیدا نہ ہوئی اگر وہ ایسا خون ہے جیسے زندہ جانور میں ہوتا ہے حلال ہے۔ بیمار بکری ذبح کی صرف اوس کے مونھ کو حرکت ہوئی اور اگر وہ حرکت یہ ہے کہ مونھ کھول دیا تو حرام ہے اور بند کر لیا تو حلال ہے اور آنکھیں کھول دیں تو حرام اور بند کر لیں تو حلال اور پاؤں پھیلا دیے تو حرام اور سمیٹ لیے تو حلال اور بال کھڑے نہ ہوئے تو حرام اور کھڑے ہو گئے تو حلال یعنی اگر صحیح طور پر اوس کے زندہ ہونے کا علم نہ ہو تو ان علامتوں سے کام لیا جائے اور اگر زندہ ہونا یقینا معلوم ہے تو ان چیزوں کا خیال نہیں کیا جائے گا بہر حال جانور حلال سمجھا جائے گا۔“ (بہار شریعت، جلد3، حصہ15، ص314)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 ذوالحجہ 1444ھ 17 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

74

نابالغ پر قربانی

سوال: کیانابالغ کی طرف سے قربانی جائز ہے؟

USER ID: محسن رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نابالغ پر نہ خود قربانی واجب ہے نہ اس کی طرف سے اس کے سرپرست پر البتہ نابالغ کی طرف سے قربانی کی تو ہو جائے گی اور ثواب بھی حاصل ہو گا۔ شامی میں ہے: ”فی ظاھر الراویہ انہ یستحب ولا یجب“ ترجمہ: ظاہر الروایہ میں (نابالغ کی طرف سے) اس کے سرپرست پر قربانی واجب نہیں مستحب ہے۔ (شامی، جلد9، صفحہ 524)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

06ذوالحجہ1444ھ 25جون 2023ء

خواتین کے مسائل

75

سوتیلے بیٹے سے پردہ

سوال: کیا سوتیلے بیٹے سے عورت کا پردہ ہے؟

USER ID:فہد خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس عورت سے باپ نے نکاح کیا ہو اگرچہ خلوت اختیار نہ کی ہو وہ بیٹے کے لئے محرمہ ہے اور اس سے عورت کا پردہ ضروری نہیں لیکن فتنے کا اندیشہ ہو تو عورت کو چاہیے کہ پردہ کرے۔ اللہ پاک فرماتا ہے: " وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ " ترجمہ: اور باپ دادا کی منکوحہ سے نکاح نہ کرو۔ (النساء:22)

تفسیر: " یہاں اگر نکاح سے مراد عَقدِ نکاح ہے تو معلوم ہوا کہ سوتیلی ماں سے نکاح حرام ہے اگرچہ باپ نے خلوت سے پہلے اسے طلاق دے دی ہو۔۔الخ"
(صراط الجنان، جلد2، صفحہ168)

امیر اہلسنت لکھتے ہیں: " نسبی محارم کے سوا دونوں طرح کے محارم سے پردہ واجب بھی نہیں اور منع بھی نہیں، خصوصا جب عورت جوان ہو یا فتنے کا خوف ہو تو پردہ کرے۔" (پردے کے بارے میں سوال جواب، صفحہ45)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی

27ذوالحجہ1444ھ 16جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

76

بیوی اپنا حق ساقط کر دے

سوال: اگر ایک شخص کی دو بیویاں ہیں اور دوسری نے اپنا حق پہلی والی کو دیا ہوا ہے اور اس کے پاس رات نہ گزاری جائے اس پر وہ راضی ہے تو کیا حکم ہے؟ USER ID: سلیم شہزاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر کوئی شخص دوسری شادی کرتا ہے تو اس پر فرض ہے کہ دونوں کے حقوق کی رعایت کرے اور اختیاری معاملات میں دونوں کے ساتھ برابری کا سلوک کرے اسی طرح باری مقرر کرنے میں بھی برابری ضروری ہے اور باری میں رات ہی کا اعتبار ہے البتہ عورت اپنی باری کا حق شوہر کی دوسری بیوی کو ہبہ کرنا چاہے تو کر سکتی ہے مگر اسے یہ حق واپس لینے کا اختیار بھی ہے جب چاہے واپس لے سکتی ہے۔الجوہرۃ النیرۃ میں ہے:"واذا رضیت احدی الزوجات بترک قسمها لصاحبتها جاز ولها ان ترجع فی ذلك" ترجمہ: اور جب کوئی بیوی اپنی سوکن کے لئے اپنی باری چھوڑ دے تو جائز ہے اور اس کو اس سے رجوع کرنے کا ختیار بھی ہے۔ (الجوہرۃ النیرۃ، حصہ 2، صفحہ 33)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

02 محرم الحرام 1445ھ 21 جولائی 2023ء

77

پاکی کے دنوں میں قرآن کو کپڑے سے بے وضو چھونا

سوال: میں نے سنا ہے کہ پاکی کے دنوں میں عورت بے وضو بھی ایسے دوپٹے سے قرآن چھو سکتی ہے جو اس کے تابع ہو ناپاکی کے دنوں میں نہیں چھو سکتی؟

USER ID: بنت زکریا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس کے اوپر غسل فرض ہو یا وہ بے وضو ہو اس کو قرآن پاک چھونا حرام ہے۔ ایسا کپڑا جو اپنے یا قرآن کے تابع ہو اس سے بھی نہیں چھو سکتے۔ عورت کا اوڑھا ہوا دوپٹہ عورت کے تابع ہوتا ہے لہذا پاکی کے ایام میں بھی اگر وہ بے وضو ہے تو اس دوپٹے سے قرآن پاک کو نہیں چھو سکتی۔ بہار شریعت میں ہے: "(قرآن کو) رومال وغیرہ کسی ایسے کپڑے سے پکڑنا جو نہ اپنا تابع ہو نہ قرآنِ مجید کا تو جائز ہے، کرتے کی آستین، دوپٹے کی آنچل سے یہاں تک کہ چادر کا ایک کونا اس کے مونڈھے پر ہے دوسرے کونے سے چھونا حرام ہے کہ یہ سب اس کے تابع ہیں جیسے چولی قرآن مجید کے تابع تھی۔"

(بہار شریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 326)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

02 محرم الحرام 1445ھ 21 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

78

والد کے چچا اور والدہ کے ماموں سے پردہ

سوال: عورت کا اپنے والد کے چچا اور والدہ کے ماموں سے پردہ ہے نیز بیوی کی بھانجی بھتیجی سے پردہ ہو گا یا نہیں؟

USER ID: نعمان لوائی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت کا اپنے والد کے چچا اور والدہ کے ماموں سے پردہ نہیں اس لئے کہ یہ اس کے محارم ہی ہیں البتہ بیوی کی بھانجی اور بھتیجی سے پردہ ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: "بھتیجی، بھانجی سے بھائی، بہن کی اولادیں مراد ہیں، ان کی پوتیاں، نواسیاں بھی اسی میں شمار ہیں۔"

(بہار شریعت، جلد2، حصہ 7، صفحہ 22)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

18 ذوالحجہ 1444ھ 07 جولائی 2023ء

جائز / ناجائز

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

79

تاش کی خرید و فروخت

سوال: تاش کی خرید و فروخت کرنا کیسا؟

USER ID: حرم رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

تاش آلات لہو و لعب میں سے ہے اور اس کا کھیلنا ناجائز ہے لہذا اس کی خرید و فروخت بھی منع ہے۔ اللہ پاک فرماتا ہے: "وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ" ترجمہ: اور گناہ اور زیادتی پر باہم مدد نہ کرو۔ (المائدہ:2)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

16 ذوالحجہ 1444ھ 05 جولائی 2023ء

80 اجارے کے وقت میں دوسرا کام

سوال: زاہد کمپنی کا ملازم ہے اس کو بائیک دی گئی کہ یہ کام کر آؤ اس نے جاتے ہوئے سواری اٹھالی اور اس سے کرایہ لے لیا اس کا ایسا کرنا اور کرایہ لینا کیسا؟

USER ID: فیضان عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زاہد چونکہ اجیر خاص ہے اور اجیر خاص اجارے کے وقت میں دوسری جگہ اجارہ نہیں کر سکتا، لہذا زاہد کا ایسا کرنا ناجائز و حرام تھا۔ اس پر لازم ہے کہ توبہ کرے اور سواری کو چھوڑنے کے سبب جو وقت دوسری جگہ لگا اس کا تعین کر کے اجارے میں کٹوتی کروائے البتہ جو کرایہ اس نے حاصل کیا وہ چونکہ اس کے کام کا بدلہ تھا لہذا اس کا وہ مستحق ہو گیا اور وہ اسی کا حق ہے۔ مفتی ہاشم صاحب اس طرح کے سوال کے جواب میں لکھتے ہیں: "صورتِ مسئولہ میں اس محکمہ کا خادم اجیرِ خاص ہے۔ اس کے لیے دورانِ اجارہ ٹھیکیدار سے سیڑھی کو پانی لگانے کا اجارہ کرنا، ناجائز و حرام تھا، البتہ جب اس نے پانی لگادیا تو وہ اجرت کا مستحق ہو گیا، لہٰذا جو اجرت ٹھیکیدار نے اسے دی وہ اسی کا حق ہے، وہ نہ تو ٹھیکیدار کو واپس دی جائے گی اور نہ ہی مسجد فنڈ میں ڈالی جائے گی، نیز خادم کے لیے لازم ہے کہ اس گناہ سے توبہ کرے اور جتنا وقت دورانِ اجارہ سیڑھی کو پانی لگایا اتنے وقت کا صحیح تعیّن کر کے اپنی اجرت سے کٹوتی کروائے۔ (ماہنامہ فیضان مدینہ، مارچ 2019)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 ذوالحجہ 1444ھ 08 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

81

محمد میکائیل نام

سوال: محمد میکائیل نام رکھنا کیسا؟

USER ID: عبداللہ قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ہدایۃ الحق والصواب

فرشتوں کے نام پر نام رکھنا ممنوع ہے لہذا محمد میکائیل نام نہ رکھا جائے۔ مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "خیال رہے کہ ملائکہ کے نام پر نام رکھنا ممنوع ہے، لہذا کسی چیز کا جبریل یا میکائیل نام نہ رکھو جیسا کہ حدیث میں ہے، چنانچہ بخاری نے اپنی تاریخ میں ایک حدیث نقل کی کہ نبیوں کے ناموں پر نام رکھو، فرشتوں کے نام پر نام نہ رکھو۔" (مرآۃ المناجیح، ج6، ص407)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

18 ذوالحجہ 1444ھ 07 جولائی 2023ء

82

استاد کا شاگرد کو مارنا

سوال: کیا استاد شاگرد کو مار سکتا ہے؟

USER ID: عبد الرحمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

استاد کا کبھی کبھار اپنے شاگرد کو اس کی غلطی پر نصیحت و تربیت کے لئے بقدر ضرورت ہلکی مار مارنا جو نازک اعضاء مثلاً چہرے اور کمر پر نہ ہو، ضرب شدید نہ ہو، ایک ساتھ تین ضربیں نہ ہو تو جائز ہے۔ اعلی حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "ضرورت پیش آنے پر بقدر حاجت تنبیہ، اصلاح اور نصیحت کے لئے بلا تفریق اجرت و عدم اجرت استاد کا بدنی سزا دینا اور سرزنش سے کام لینا جائز ہے مگر یہ سزا لکڑی ڈنڈے وغیرہ سے نہیں بلکہ ہاتھ سے ہونی چاہئے اور ایک وقت میں تین مرتبہ سے زائد پٹائی نہ ہونے پائے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 23، صفحہ 653)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 ذوالحجہ 1444ھ 11 جولائی 2023ء

83

شعر دولت دنیا امیر شام رکھتا ہے کا حکم

سوال: یہ شعر پڑھنا کیسا "دولت دنیا امیر شام رکھتا ہے تو کیا: علم و حکمت کا خزینہ قبضہ حیدر میں"؟

USER ID: مراد علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

یہ شعر امیر شام سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر تبرا ہے اور صحابی رسول کی سخت بے ادبی و گستاخی پر مشتمل ہے۔ یاد رہے اہلبیت بالخصوص سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کی شریعت کے دائرے میں رہ کر تعظیم و توقیر کرنا اور آپ کی عظمت کے گن گانا ہمارے ایمان کا حصہ ہے مگر اس کی آڑ میں کسی دوسرے صحابی کی ادنی گستاخی بھی سخت مذموم ہے، لہذا اس طرح کے شعر ہرگز ہرگز نہ پڑھے جائیں نہ سنے اور نہ شئیر کئے جائیں۔ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہ نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ کے بارے میں ارشاد فرمایا: " دعه فانه قد صحب رسول الله " ان کو کچھ نہ کہو یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں۔ (بخاری، 3764)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 ذوالحجہ 1444ھ 11 جولائی 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی

84

کنیت رکھنا

سوال: نام کے ساتھ کنیت رکھنا کیا ضروری ہے؟

USER ID: محمد خیر کثیر سعیدی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کنیت رکھنا ضروری نہیں البتہ بہتر ہے اور حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے ثابت ہے اور نبی پاک صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کنیت سے پکارے جانے کو پسند فرماتے تھے۔ حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ "نبی پاک صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اس بات کو پسند فرماتے تھے کہ کسی شخص کو اس کے محبوب نام اور کنیت سے بلایا جائے۔"
(جمع الجوامع، حدیث 10905)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 ذوالحجہ 1444ھ 16 جولائی 2023ء

85

سارے جہاں سے اچھا

سوال: یہ شعر پڑھنا کیسا "سارے جہاں سے اچھا ہندوستان ہمارا" جبکہ مکہ و مدینہ سب سے افضل ہیں؟

USER ID: محمد ریحان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

ایک عام مسلمان بھی اپنے ملک و وطن کو مکہ و مدینہ سے افضل نہیں سمجھتا اس لئے اس شعر کو حسن ظن پر محمول کیا جائے گا اور اس کی یہی توجیہ بیان کی جائے گی کہ شاعر کی مراد مکہ و مدینہ کے علاوہ دیگر جگہوں کے مقابلے میں ہند کو بعض جہات کے اعتبار سے بہتر بتانا ہے اور اس میں شرعا حرج نہیں۔ حدیث پاک میں ہے: "حسن الظن من حسن العبادة" ترجمہ: حسن ظن بہترین عبادت ہے۔ (ابو داؤد، حدیث 4993)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 ذوالحجہ 1444ھ 16 جولائی 2023ء

86 بیوی کو چھوڑ کر قافلے میں جانا

سوال: شوہر اپنی بیوی بچوں کو چھوڑ کر 30 دن کے قافلے میں جا سکتا ہے؟

USER ID: محمد کاشف داہا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

صحیح العقیدہ مثلا دعوت اسلامی والوں کے ساتھ قافلے میں جانا چاہے تو 4 ماہ سے کم عرصہ بیوی کی اجازت کے بغیر بھی دور رہ سکتا ہے البتہ چار ماہ سے زیادہ جانا چاہے تو بیوی کی اجازت ضروری ہے لیکن جب بھی جائے بیوی بچوں کا مناسب انتظام کر کے جائے۔ فتاوی فیض الرسول میں ہے: "زیادہ سے زیادہ چار مہینہ بیوی کو چھوڑ کر اس سے زیادہ شوہر کو دوسرے شہر میں نہیں رہنا چاہئے امام العادلین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اتنی ہی مدت کا فیصلہ فرمایا ہے۔" (فتاوی فیض الرسول جلد 2 صفحہ 588)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 ذوالحجہ 1444ھ 17 جولائی 2023ء

87

دکاندار قیمت کم کردے

سوال: اگر ہم نے کوئی چیز خریدی اور بل زیادہ ہو اور دکاندار خود پیسے کم کردے تو کیا حکم ہے؟

USER ID: فرقان اعوان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مال کے مالک کو اختیار ہوتا ہے کہ وہ چیز بیچنے کے بعد ریٹ میں کمی کردے اس میں شرعا کوئی قباحت نہیں۔ تبیین الحقائق میں ہے: "ویجوز للبائع ان یحط من الثمن" ترجمہ: بیچنے والے کے لئے جائز ہے کہ ثمن (طے ہونے کے بعد) اس میں کچھ کمی کردے" (تبیین الحقائق، جلد4، صفحہ 83)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبـــــــــــــــہ
ابوالبنات فراز عطاری مدنی
28 ذوالحجہ 1444ھ 17 جولائی 2023ء

88 عورتیں کے کپڑے مردوں کو بیچنا

سوال: ہم عورتوں کے کپڑے بیچتے ہیں بعض اوقات مرد بھی لینے آتے ہیں تو کیا ان کو بیچ سکتے ہیں؟

USER ID: محمد حسان رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورتوں کے کپڑے مردوں کو بیچنا تو جائز ہے البتہ یقین ہو کہ یہ مرد خود پہننے کے لئے خرید رہا ہے تو اب اس کے نہیں بیچ سکتے کہ یہ گناہ پر معاونت ہے۔ بحر الرائق میں ہے: "وبیع المکعب المفضض للرجال اذا علم انہ یشتریہ لیلبسہ یکرہ لانہ اعانۃ لہ علی لبس الحرام" ترجمہ: مردوں کو چاندی سے کام کیے ہوئے جوتے بیچنا مکروہ ہے جبکہ معلوم ہو کہ یہ پہننے کے لئے خرید رہا ہے، کیونکہ یہ حرام چیز پہننے پر اعانت ہے۔"

(بحر الرائق، جلد 8، صفحہ 371)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

30 ذوالحجہ 1444ھ 19 جولائی 2023ء

89

بدمذہب کو جگہ کرایہ پر دینا

سوال: اپنا مکان کسی بدمذہب کو کرایہ پر دینا کیسا وہ اس میں مدرسہ اور اجتماع بھی رکھتے ہیں؟

USER ID: غلام حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر بدمذہب وہ مکان مدرسے یا اجتماع یا اسی طرح کے کاموں کے لئے لے رہا ہے تو اس کو کرایہ پر جگہ دینے کی اجازت نہیں اور اگر دے دیا تو اس عقد کو ختم کردیا جائے اور اگر اس بدمذہب کی بدمذہبی حد کفر تک ہو تو اس کے ساتھ عقد کرنا ہی حرام ہے۔ اللہ پاک فرماتا ہے: "وَ لَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ" ترجمہ: اور گناہ اور زیادتی پر باہم مدد نہ دو۔ (المائدہ:2)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ
ابوالبنات فراز عطاری مدنی
02 محرم الحرام 1445ھ 21 جولائی 2023ء

90 ادارے کو دیا ہوا گوشت بیچنا

سوال: ایک ادارہ ہے جس کو لوگ بکرے اور گوشت دیتے ہیں ادارے والے اسے دینے والوں کی اجازت کے بغیر بیچ دیتے ہیں کیا شرعی حکم ہے؟

USER ID:خواجہ مشتاق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر دینے والوں کو معلوم ہو یا ادارے والوں نے اجازت لی ہوئی ہو تو ادارے والوں کا گوشت اور بکرے وغیرہ آگے بیچنا جائز ہے اور اگر دینے والوں کو معلوم نہیں یا انہوں نے صراحت کردی کہ یہ کھلانے کے لئے ہی ہے تو اب آگے بیچنا جائز نہیں۔ فتاوی امجدیہ میں ہے: ”یہ چندے جس خاص غرض کے لئے کئے گئے ہیں اس کے غیر میں صرف نہیں کئے جاسکتے۔ اگر وہ غرض پوری ہوچکی ہو تو جس نے دیئے ہیں اس کو واپس کئے جائیں۔ یا اس کی اجازت سے دوسرے کام میں خرچ کریں۔ بغیر اجازت خرچ کرنا ناجائز ہے۔“

(فتاوی امجدیہ، جلد 3، صفحہ 38)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

02 محرم الحرام 1445ھ 21 جولائی 2023ء

91 جمعہ کی مبارک باد دینا

سوال: جمعہ کی مبارک باد دینا کیسا ہے؟

USER ID: حافظ ناصر علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جمعہ کی مبارک باد دینا بالکل جائز ہے اور اچھی نیت ہو تو ثواب کا کام ہے۔ اولا تو شریعت میں اس کی کوئی ممانعت وارد نہیں اور اصل کے اعتبار سے ہر چیز جائز ہے۔ دوسرا یہ کہ خوشی کے موقع پر مبارک دینا احادیث سے ثابت ہے۔ تیسرا یہ کہ مبارک باد دینا اصل میں برکت کی دعا دینا ہے اور دعا کسی بھی دن کسی بھی وقت دی جا سکتی ہے۔ مبسوط میں ہے: "ان الاصل فی الاشیاء الاباحۃ وان الحرمۃ بالنھی عنھا شرعا" ترجمہ: اشیاء میں اصل جائز ہونا ہے اور حرمت کے لئے شرعا نہی وارد ہونا ضروری ہے۔ (مبسوط، جلد 24، صفحہ 77)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

03 محرم الحرام 1445ھ 22 جولائی 2023ء

92

مضاربت میں نقصان کس کا

سوال: زید نے بکر کو 3 لاکھ روپے بطور مضاربت کے دیے اب مارکیٹ ریٹ کم ہونے کی وجہ سے تقریبا 50 ہزار کا نقصان ہو رہا ہے تو یہ نقصان کون برداشت کرے گا؟ USER ID: غلام مرتضی مدنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مضاربت کا اصول یہ ہے کہ مالی نقصان جو مضارب کی کوتاہی سے نہ ہوا ہو وہ صرف رب المال یعنی مال والے کے ذمے ہے۔ اعلی حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”مضارب کے ذمہ نقصان کی شرط باطل ہے وہ اپنی تعدی و دست درازی و تضییع کے سوا کسی نقصان کا ذمہ دار نہیں جو نقصان واقع ہو سب صاحب مال کی طرف رہے گا۔“

(فتاوی رضویہ، جلد 19، صفحہ 131)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

04 محرم الحرام 1445ھ 23 جولائی 2023ء

93

میت کو مہندی لگانا

سوال: میت کو مہندی لگانا کیسا؟

USER ID:مظہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

میت کو کسی طرح کی بھی زینت دینا ناجائز و گناہ ہے اور مہندی لگانا بھی زینت ہے لہذا یہ بھی ناجائز و گناہ ہے۔ ھدایہ میں ہے: "ولا یسرح شعر المیت ولا لحیتہ ولا یقص ظفرہ ولا شعرہ لقول عائشۃ رضی اللہ عنھا علام تنصون میتکم ولان ھذہ الاشیاء للزینۃ وقد استغنی المیت عنھا" ترجمہ: میت کے بالوں اور داڑھی میں کنگی نہیں کی جائے گی اور نہ ہی بال و ناخن کاٹے جائیں گے اس لئے کہ بی بی عائشہ رضی اللہ عنھا کا فرمان ہے کہ آخر تم کیوں میت کی پیشانی کھینچتے ہو۔ اور اس لئے بھی کہ یہ زینت کے لئے ہے اور میت زینت سے مستغنی ہے۔ (ھدایہ، جلد1، صفحہ190)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

04 محرم الحرام 1445ھ 23 جولائی 2023ء

94 محرم میں نئے کپڑے پہننا

سوال: محرم میں نئے کپڑے پہننا کیسا؟

USER ID: احتشام ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

محرم میں نئے کپڑے پہننا بالکل جائز ہے کہ شریعت میں اس کی کوئی ممانعت نہیں اور جس کام کی شریعت میں ممانعت نہ ہو وہ جائز ہوتا ہے۔ یہاں یہ بھی یاد رہے کہ اسلام میں سوگ صرف تین دن کا ہے اور وہ بھی واجب نہیں کہ اس میں نیا لباس پہنا منع ہو جائے ہاں عورت کو جس عدت میں سوگ کا حکم ہے فقط اس میں اس کو نیا لباس پہننا منع ہے۔ مبسوط میں ہے: "ان الاصل فی الاشیاء الاباحۃ و ان الحرمۃ بالنھی عنھا شرعا" ترجمہ: اشیاء میں اصل جائز ہونا ہے اور حرمت کے لئے شرعا نہی وارد ہونا ضروری ہے۔

(مبسوط، جلد24، صفحہ 77)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

04 محرم الحرام 1445ھ 23جولائی 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی

95

عمیس نام رکھنا

سوال: کیا عمیس نام رکھ سکتے ہیں اس کا معنی بھی بتادیں؟

USER ID: عنایت سبحانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوهاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

عمیس عمس سے بنا ہے جس کا معنی تاریک ہونا، مشکل کام وغیرہ ہے۔لہذا یہ نام نہ رکھا جائے بلکہ کوئی اور نسبت والا نام رکھا جائے۔لغت کی مشہور کتاب المنجد میں ہے:"العمیس: مشکل کام، سخت لڑائی۔" (المنجد، صفحہ 586)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05 محرم الحرام 1445ھ 24جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

96 نوحہ سننا کیوں منع ہے

سوال: نوحہ سننے کی ممانعت کیوں ہے؟

USER ID: نعیم مشتاق

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

نوحہ میں میت کے اوصاف میں مبالغہ کر کے رویا جاتا ہے اور اس میں تجدید حزن یعنی غم کو تازہ کرنا پایا جاتا ہے سوگ کی کیفیت بنائی جاتی ہے بلکہ اس میں صحابہ پر کھلے اور چھپے دونوں انداز میں تبرا کیا جاتا ہے اور یہ سارے کام حرام ہیں اس لئے نوحہ سننا بھی حرام ہے۔ حدیث پاک میں ہے: "جو عورت اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتی ہے، اسے یہ حلال نہیں کہ کسی میّت پر تین راتوں سے زیادہ سوگ کرے، مگر شوہر پر کہ چار مہینے دس دن سوگ کرے۔" (بخاری، حدیث 1282)

بہار شریعت میں ہے: "نوحہ یعنی میّت کے اوصاف مبالغہ کے ساتھ بیان کر کے آواز سے رونا جس کو بَین کہتے ہیں بالاجماع حرام ہے۔ یوہیں واویلا وامصیبتا کہہ کے چلّانا۔" (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 4، صفحہ 854)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05 محرم الحرام 1445ھ 24 جولائی 2023ء

97

سودے کے بعد زمین زیادہ نکلی

سوال: میں نے ایک پلاٹ خریدا جس کا رقبہ ساڑھے چھ مرلہ بتایا گیا تھا اور دستاویزات میں بھی یہی تھی بعد میں بیچنے والا کہتا ہے کہ یہ ساڑھے چھ سے زیادہ ہے اب کیا حکم ہے؟

USER ID:محمد علی خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر زمین کی قیمت کو الگ الگ مرلہ کے حساب سے متعین کر کے بیچا گیا تھا مثلا یہ 6 مرلہ ہے ہر مرلہ دس لاکھ کا تو اس صورت میں جو اضافی زمین نکلی اس کی قیمت بھی ادا کرنا ہو گی اور اگر ایک ساتھ (lump sum) میں سودا ہوا تو اضافی خریدنے والے کی ہے بیچنے والے کو اب کوئی اختیار نہیں۔ مرشد الحیران میں ہے: "اذا بیعت جملۃ من المذروعات التی لیس فی تبعیضھا ضرر و تعین مقدارھا مع بیان کل ثمن فرد منھا علی حدتہ۔۔وان ظھرا انھا زائدۃ علی المعین فی العقد فلزیادۃ للبائع۔۔۔ اذا بیعت قطعۃ ارض و عین قدر ذرعھا مع بیان جملۃ ثمنھا۔۔ان ظھرت زائدۃ عن القدر العین فالزیادۃ للمشتری ولا خیار للبائع" ترجمہ: جب ایسی مذروعات میں سے کوئی چیز یکبارگی بیچی گئی جس کے بعض میں نقص نہ ہو اور اس کی مقدار کو الگ الگ حصے کے ثمن کے ساتھ معین کر دیا تو اگر بعد میں ظاہر ہوا کہ معین مقدار سے زیادہ ہے تو اضافی بائع کی ہو گی۔۔اور جب زمین کا کوئی ٹکڑا بیچا گیا اور اس کے مکمل گز کی مقدار کو معین کر دیا کل ثمن کے ساتھ تو اگر مقدار معین سے زیادہ نکلی تو اضافی خریدار کی ہو گی اور بائع کو اختیار نہیں۔ (بتغیر: مرشد الحیران الی معرفۃ احوال الانسان، صفحہ 57)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 محرم الحرام 1445ھ 24 جولائی 2023ء

98

مضاربت میں کس صورت میں نقصان رب المال پر آے گا

سوال: مضاربت میں جو نقصان رب المال پر آتا ہے وہ کس صورت میں آتا ہے کیا اس کی کچھ صورتیں بھی ہیں؟

USER ID:غلام مرتضی مدنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

مضاربت میں ہونے والا نقصان پورا کرنے کی تین اہم صورتیں ہیں۔ پہلی یہ کہ مضاربت میں پہلے نفع بھی ہو چکا ہے اور نفع ابھی تقسیم نہیں ہوا تو اس نفع سے نقصان کو پورا کیا جائے گا، اگر مکمل نفع سے نقصان پورا ہو جائے تو فریقین کو کچھ نہیں ملے گا اور اگر نفع بچے تو دونوں طے شدہ تناسب کے اعتبار سے تقسیم کرلیں۔ دوسری صورت یہ ہے کہ نفع ہوا اور تقسیم بھی ہو چکا ہے اور مضاربت باقی ہے تو اس صورت میں وہ نفع واپس لے کر نقصان کو پورا کیا جائے گا۔ تیسری صورت یہ ہے کہ نفع کچھ نہیں ہوا یا نفع سے نقصان پورا نہیں ہو رہا تو اب جو نقصان پورا نہیں ہو رہا اس کو راس المال (capital) کی طرف پھیرا جائے گا اور یہ نقصان رب المال (investor) برداشت کرے گا۔

(ملخصا: ماہنامہ فیضان مدینہ، اگست 2022)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

04 محرم الحرام 1445ھ 23 جولائی 2023ء

99

دل پاک نہیں تو پاک ہو نہیں سکتا انسان

سوال: اس شعر کا شرعی حکم بتا دیں "دل پاک نہیں تو پاک ہو نہیں سکتا انسان: ورنہ ابلیس کو بھی آتے تھے وضو کے فرائض بہت"؟

USER ID: ذیشان مدنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اس شعر میں بظاہر کوئی حرج نہیں کیونکہ اس میں انسان کو تنبیہ کی جارہی ہے کہ جب تک اپنے باطن کو گناہوں سے پاک نہیں کروگے اس وقت تک تم متقی نہیں ہو سکتے کیونکہ علم بغیر عمل کے کما حقہ فائدہ نہیں دیتا۔ مسلم شریف کی حدیث پاک میں ہے: "ان اللہ لا ینظر الی صورکم و اموالکم ولکن ینظر الی قلوبکم و اعمالکم"
ترجمہ: بے شک اللہ پاک تمہاری صورتوں اور مالوں کو نہیں دیکھتا لیکن وہ تمہارے دلوں اور اعمال پر نظر فرماتا ہے۔

(مسلم، حدیث 2564)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

16 ذوالحجہ 1444ھ 05 جولائی 2023ء

وراثت

100 وارث خنثی ہو تو

سوال: اولاد اگر خنثی مشکل ہو تو ایک حصہ ملے گا یا دو؟

USER ID: محمد طلحہ خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

خنثی پر کسی علامت کے ذریعے اگر مرد یا عورت ہونے کا حکم لگ سکے تو وراثت اسی حساب سے تقسیم ہوگی اور اگر کوئی علامت واضح نہ ہو سکے اور وہ خنثی مشکل ہو تو اب مذکر و مؤنث دونوں طرح مسئلہ بنائیں گے جس صورت میں اس کا حصہ کم ہوگا وہی مان کر حصہ دیا جائے گا اور اگر ایک صورت میں محروم ہو دوسرے میں نہ ہو تو محروم والی صورت اختیار کی جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: ”خنثیٰ مشکل کا حکم یہ ہے کہ اس کو مذکر و مؤنث مان کر جس صورت میں کم ملتا ہے وہ دیا جائے گا اور اگر ایک صورت میں اسے حصہ ملتا ہے اور ایک صورت میں نہیں ملتا تو نہ ملنے والی صورت اختیار کی جائے گی۔“

(بہار شریعت، جلد 3، حصہ 20، صفحہ 1174)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

30 ذوالحجہ 1444ھ 19 جولائی 2023ء